نقوش اشرفیہ

خانوادہ سلسلہ اشرفیہ کے اعمال و نقوش کا گرانقدر مجموعہ

حضرت مولانا سیّد شاہ محمد محمود اشرف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

نقوش اشرفیہ

خانوادہ سلسلہ اشرفیہ کے اعمال و نقوش کا گراں قدر مجموعہ

مرتبہ

قائد ملت حضرت مولانا سید شاہ محمد محمود اشرف
اشرفی جیلانی ولیعہد سجادہ نشین آستانہ اشرفیہ
کچھوچھہ شریف

نام کتاب: نقوش اشرفیہ

مرتب: حضرت سید شاہ محمود اشرف اشرفی جیلانی جانشین شیخ اعظم حضرت مولانا سید شاہ محمد اظہار اشرف سجادہ نشین سرکار کلاں

کلمۂ تقدیم: حضرت مولانا مفتی محمد معین الدین اشرفی بھاگل پوری مدرس جامع اشرف

پروف ریڈنگ: مفتی معین الدین اشرفی بھاگلپوری و قاری غیاث الدین احمد مینائی جلالپوری

کتابت: محمد جابر حسین اشرفی لائبریرین مختار اشرف لائبریری

اشاعت: ۱۴۲۱ھ مطابق ۲۰۰۰ء

مطبع: سمناں پریس

ناشر: غریب نواز پبلیکیشنز

ملنے کے پتے

مکتبہ فیضان اشرفی خانقاہ اشرفیہ حسینیہ درگاہ کچھوچھہ شریف ضلع امبیڈکر نگر یوپی

حق اکیڈمی مبارکپور اعظم گڈھ یوپی

کتاب منزل تاتار پور چوک بھاگلپور

مولانا فیض الرحمٰن اشرفی مدرسہ اشرفیہ اظہار العلوم ماچھی پور وایا سبور ضلع بھاگل پور بہار

مولانا ادریس اشرفی مدرسہ اشرفیہ مختار العلوم چریا چوک بائسی بازار پورنیہ بہار

سید زین الدین اشرفی نوشہید کا ٹیکرا نوساری بازار، سورت گجرات

الاشرف اکیڈمی پھول بڑیا راج محل ضلع صاحب گنج بہار

فہرست مضامین

انتساب

میں اپنی اس حقیر کوشش کو اس مہر چرخ ولایت، منبع فیوض و برکات، تارک سلطنت غوث العالم، محبوب یزدانی، قدوۃ الکبریٰ میر اوحد الدین سید اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہٗ النورانی کے نام نامی اسم گرامی کی طرف منسوب کرتا ہوں جو اُفق سمنان پر طلوع ہوا اور اپنی ضیا بار کرنوں سے بیشمار تاریک دلوں کو روشن کرتا ہوا ہندوستان پہنچ کر کچھوچھہ کی مقدس زمیں میں ہمیشہ کیلئے روپوش ہوگیا۔

اور

جملہ بزرگان دین خانوادۂ اشرفیہ کے نام جن کے دست بدست اشرفی فیضان ہم تک پہنچا خصوصاً مجدد سلسلۂ اشرفیہ قطب ربانی، اشبہ غوث جیلانی اعلیٰ حضرت اشرفی میاں قدس سرہٗ سجادہ نشین آستانہ اشرفیہ کے نام جس نے خانوادۂ اشرفیہ اور سلسلۂ اشرفیہ کو کچھوچھہ مقدسہ کی گلیوں سے دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچا دیا۔

اور

سیدی و مرشدی و جدی مخدوم المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد مختار اشرف سجادہ نشین قدس سرہٗ کے نام جنکی نگاہِ ولایت نے مجھ جیسے ہزاروں خاک کے ذروں کو کندن بنا دیا اور سیدی و سندی والد گرامی شیخ اعظم مولانا سید شاہ محمد اظہار اشرف اشرفی جیلانی سجادہ نشین کے نام جن کے دم قدم سے میرا وجود قائم ہے۔

سید محمود اشرف

اجازت

جملہ علماء و خلفاء اشرفیہ کو اس کتاب سے افادہ و استفادہ کی عام اجازت ہے البتہ عمل حیدری و حزب البحر کیلئے خانقاہ اشرفیہ حسنیہ سرکار کلاں کچھوچھہ مقدسہ کے سجادہ نشین کی اجازت شرط ہے بلا حصول اجازت کوئی صاحب عمل کیلئے کمر بستہ نہ ہوں۔ ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ حضور شیخ اعظم مولانا سید شاہ محمد اظہار اشرف اشرفی جیلانی سجادہ نشین آستانۂ اشرفیہ نے جملہ اعمال و دیگر ریاضات و مجاہدات کے دشوار گزار مراحل بکمالِ جانفشانی مواجہ اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں اپنے والد گرامی مخدوم المشائخ سرکار کلاں اور جد امجد حضرت پیر سید مصطفیٰ اشرف قدس سرہما کی اجازت سے طے کئے ہیں۔

سید محمود اشرف اشرفی الجیلانی
ولی عہد سجادہ نشین آستانہ عالیہ اشرفیہ و ناظم اعلیٰ جامع اشرف
درگاہ کچھوچھہ شریف

عرض مؤلف

خالق ارض وسما، دافع مرض و وبا جل وعلا نے اس خاکدان گیتی میں انسانوں کو اپنی عبادت کیلئے پیدا فرمایا ہے ارشاد خداوندی ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ چونکہ عبادت و ریاضت کی کماحقہٗ ادائیگی اور بندگی کے کمال اظہار کیلئے جس طرح ایمان وعقائد کی درستگی، جسم ولباس کی طہارت وپاکیزگی ضروری ہے اسی طرح جسم واعضاء کی صحت وسلامتی بھی ناگزیر ہے۔ ظاہر ہے کہ جب جسم ضعیف ومریض ہوں گے، اعضاء کمزور وناتواں ہونگے اور قلب وروح اپنی بداعمالیوں، اثرات وسحر اور آسیبی خلل کی آلودگیوں سے متاثر ومخلوط ہونگے تو پورے طور پر مقاصد الٰہیہ کی تکمیل نہیں ہوسکتی۔ اس لئے شافیٔ مطلق نے امراض کے ساتھ ادویہ وادعیہ کو نازل فرمایا تاکہ بندہ اس سے افادہ واستفادہ اور علاج ومعالجہ کرکے صحت یاب ہوکر ہماری عبادت کا حق ادا کرسکے۔

علاج ومعالجہ کے دو طریقۂ کار میں سے ادعیہ کو خاص اہمیت حاصل ہے کہ انسان جب دواؤں سے عاجز ودرماندہ ہوکر اپنی زندگی سے مایوس ہوجاتا ہے تو چار وناچار تعویذ ودعا کا سہارا لیتا ہے۔ چنانچہ علم الٰہی میں اگر اس کی زندگی باقی ہے تو دعاؤں کی برکت سے اسے ضرور صحت کی دولت عطا ہوتی ہے۔ اسی لئے تعویذ ونقوش کے ذریعہ علاج کی بے شمار کتابیں عربی، فارسی، اور دیگر اردو زبان میں زیور طبع سے آراستہ ہوکر منظر عام پر آچکی ہیں مزید کسی کتاب کی ضرورت باقی نہیں رہ گئی تھی مگر ان میں بعض کتابیں عربی وفارسی میں ہونے کے سبب ایک مخصوص طبقہ میں منحصر ہوکر رہ گئیں۔ اور بعض کتابوں میں نجوم وبروج اوقات وساعات اور ہیئت وتوقیت کی ایسی بحثیں چھیڑ دی گئی ہیں کہ عام پڑھے لکھے کون پوچھتا آج کے اکثر علماء کی فہم وفراست اور ادراک سے بالاتر ہیں۔ اور بیشتر عاملین تو اس کو دیکھنا بھی گوارہ نہیں کرتے حالانکہ تعویذ نویسی میں اوقات وساعات اور منازل سیارگان کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے مگر بارہا کے تجربے سے ثابت ہے کہ جنہوں نے تعویذ نویسی کو اپنی زندگی کا معمول، کسب معاش کا ذریعہ اور وظیفہ ہر ساعت بنا رکھا ہے وہ خود اس کا لحاظ نہیں کرتے۔ اس لئے

ان بحثوں کو چھیڑنا تضیع اوقات وملال آگے لا حاصل ہوگی۔ اور ان میں بعض کتابیں ایسی بھی ہیں جن میں ابحاث ہیئت کے ساتھ اس کی ترتیب وتبویب اور بیان وضع میں اعمال ونقوش اور نسخہ جات کو ایک دوسرے میں ایسا خلط ملط کر دیا گیا ہے۔ کہ عاملین کے لئے بجائے سہولت کے الجھن کا باعث بن گئیں۔ جس سے اس کی افادیت جاتی رہی۔ پھر ان میں مدار استفادہ اور معیار اجازت ایسا حقیر اور خفیف رکھا گیا خواہ ان کے مرتبین کا مقصد اس سے افادۂ عامہ ہو خواہ کتب فروشی مگر ان کے معیار اجازت نے اسے بے وقعت بنا دیا۔

اس لئے ان اسباب کے تناظر میں ایک ایسی کتاب کی شدت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو ہیئت ونجوم کے پیچیدہ مسائل سے صرف نظر صرف اعمال ونقوش اور طبی نسخہ جات کے ابواب پر حسن ترتیب، شاندار طرز بیان اور دلکش پیرایہ میں لکھی گئی ہو کہ ہر دیکھنے والا اول نظر میں اپنے مقصود کو پالے۔ اس کتاب کی ضرورت اس لئے بھی بڑھ گئی کہ شیخ اعظم، بانی جامع اشرف، مخدوم العلماء حضرت مولانا سید شاہ اظہار اشرف اشرفی الجیلانی سجادہ نشین آستانۂ اشرفیہ کے پاس وابستگان علماء ومشائخ سلسلۂ اشرفیہ کے متواتر خطوط آنے لگے کہ خانوادۂ اشرفیہ کی طرف سے ایک ایسی کتاب کی ضرور اشاعت کی جائے جو مخدومی فیضان وکرم کا سرچشمہ ہو جس میں سلسلہ کے مخصوص اعمال اور نقوش وتعویذات کے بے بہا موتی ہوں جب کہ سلسلہ ہذا کے بہت سارے اعمال ونقوش دوسرے سلاسل کی کتابوں میں ملتے ہیں۔

حضور صاحب سجادہ عالیہ نے مریدین علماء ومشائخ کی گذارش کو قبول فرما کر اس کی طرف توجہ فرمائی۔ اور اس کی ترتیب وتبویب کیلئے مجھ ناچیز کا انتخاب فرمایا۔ میں نے اپنی علمی کم مایگی اور بے سروسامانی کے باوجود صرف تعمیل حکم کی خاطر اپنے ضعیف وناتواں کاندھے پر اس بوجھ کو اٹھالیا۔ اور ترتیب وتبویب کا کام شروع کر دیا اور یہ کتاب زیور طبع سے بھی آراستہ ہوگئی اس موقع پر اساتذۂ جامع اشرف قابل ستائش لائق تحسین ہیں جنہوں نے مجھے اپنے قیمتی مشورے سے نوازا۔ اور ہر موقعہ پر میری راہنمائی فرمائی۔ ان میں خاص کر مولینا

معین الدین صاحب بھاگل پوری قابل ذکر ہیں جنہوں نے ترتیب کے ہر دشوار گذار مراحل پر میرا ساتھ دیا اور ددش بدوش رہے۔ ناسپاسی ہوگی اگر غوث العالم اکیڈمی کا شکریہ نہ ادا کروں جنہوں نے کتابت وطباعت کا بیڑا اپنے سر لیا۔ جس سے کتاب منظر عام پر آسکی۔

یہ کتاب ایک مقدمہ تین مقاصد اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ مقدمہ حالات میں ہیا مقصد اول عملیات، مقصد دوم تعویذات، مقصد سوم طبی نسخہ جات میں اور خاتمہ متفرقات کے بیان میں ہیں۔ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ میں اپنی اس حقیر کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوں اس کا فیصلہ آپ پر ہے۔ التزام صحت کے باوجود خطاء نسیان کا سرزد ہو جانا بشری تقاضہ ہے جو حضرات اس پر مطلع ہوں خبر کریں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اسے درست کر دیا جائے۔

طالب دعاء
سید محمود اشرف
جانشین بانی جامع اشرف حضرت مولانا الحاج سید شاہ محمد اظہار اشرف سجادہ نشین آستانۂ عالیہ اشرفیہ
درگاہ کچھوچھہ شریف

کلمۂ تقدیم

از مفتی محمد معین الدین اشرفی بھاگلپوری

الحمد لولیہ والصلوٰۃ علیٰ نبیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین

یہ کتاب "نقوش اشرفیہ" اس آفتاب ولایت غوثیت مآب، منبع فیوض وبرکات کے فیضان کرم کا سرچشمہ۔ اور روشن منارہ ہے جو خانوادۂ اشرفیہ حسنیہ سرکار کلاں کے مابین متوارثا چلا آرہا ہے جس کی ضیاء پاشیوں اور ضیاء بار کرنوں نے نہ جانے کتنے مردہ دلوں میں زندگی کی روح پھونکی اور کفر وضلالت کے تیرہ وتاریک اور ظلمت کدہ ماحول میں بھٹکنے والے لاکھوں انسان کے قلوب واذہان میں شمع ہدایت روشن کی جو ذات والا صفات مطلع سمنان کے افق پر جمال مصطفوی کا مظہر، جلال موسوی کا پرتو، اور کمال مرتضوی کا آئینہ بن کر لباس غوثیت میں ملبوس ۷۰۸ھ میں جلوہ گر ہوئی۔ جس کی ضوفشانی اور تابانی نے ایران وہند ہی نہیں بلکہ یورپ وایشیاء کے محلات وجنگلات کو بھی منور ودرخشاں کر دیا۔ کوہ قاف کی وادیاں ہوں یا مدینۃ الاشرف کی گہرائیاں، آشیانے ہوں یا ایوان، جنگل ہو یا بیابان ہر جگہ بواسطہ یا بلا واسطہ آپ کے رشد وہدایت کا نور اور باران فیض کرم پہونچ گیا۔ اس ذات بابرکات، منبع کمالات، سراپا کرامات کو دنیا غوث العالم، قدوۃ الکبریٰ، محبوب یزدانی میر اوحد الدین سید اشرف جہانگیر سمنانی کے نام نامی اسم گرامی سے جانتی ہے۔

ابتدائی عمر میں ہی آپ حفظ قرآن مجید مع قرأت سبعہ اور جملہ علوم وفنون عقلیہ ونقلیہ سے مزین وآراستہ ہوکر تخت سمنان کے مسند نشین ہوئے۔ ابھی عہد حکمرانی کو چند ہی سال گزرے تھے کہ اشارۂ غیبی پاکر تخت وتاج کو اپنے برادر خورد کے حوالے کر کے ہندوستان کی راہ لی۔ ہندوستان کے صوبہ بنگال میں پنڈوہ شریف پہونچ کر پیر روشن ضمیر حضرت شیخ علاء الحق پنڈوی لاہوری کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ بکمال جانفشانی ریاضت ومجاہدہ کے دشوار گذار مراحل طے کرنے کے بعد آسمانی خطاب محبوب یزدانی اور

جہانگیر سے مشرف ہوئے اور مقام غوثیت پر فائز ہوئے غرضیکہ حق تعالیٰ نے آپ کو دنیاوی مال ومنال اور تخت وتاج ٹھکرانے کے عوض روحانی اقتدار وتصرفات اور ولایت وکرامت کا ایسا اعلیٰ مقام عطا فرمایا تھا۔ جسکے سامنے دنیاوی سلطنت اور شہنشاہی تخت وتاج نے گھٹنے ٹیک دیے ؎

سمناں کا تخت چھوڑ کے غوث الوریٰ ہوئے
یوں سلطنت کے ترک نے سلطاں بنا دیا

مرشد کامل کے ایماء، ولتصریح پر آپ نے اپنا آخری مسکن کچھوچھہ شریف بمقام روح آباد رسول پور کو بنایا اور یہیں حیات مبارکہ کے بقیہ ایام تبلیغ دین اور خدمتِ خلق اور اشاعت حق میں گذار کر ۲۸ محرم ۸۰۸ھ میں واصل حق ہوئے۔

حضور مخدوم پاک نے اپنے حیاتِ ظاہری ہی میں اپنے بھانجے حاجی الحرمین حضرت سید عبدالرزاق نورالعین کو اپنا خلیفۂ مطلق اور جانشین نامزد کیا اور ان کو اور ان کے شاہزادوں کو دعائیں دیں اور تبرکات عنایت فرمائے نیز اولاد نورالعین میں سے ہر ایک کے مراتب ودرجات اور حقوق ومراعات کے لحاظ سے ایسے کلمات مبارکہ صادر فرمائے جو بعد میں ان کی اولاد کے حق میں من وعن پورے اترے اور سر مو فرق نہ آیا

چنانچہ حضرت سید نورالعین مکمل چالیس سال تک سجادۂ مخدوم سمنانی پر مسند نشین ہوکر تبلیغ دین اور رشد وہدایت میں مصروف کار رہے۔ آخری زندگی میں حضرت مخدوم پاک کے فرمان عالیشان "حسن احسن الوجوہ واکبر الوقوہ شود" کے موافق آپنے اپنا قائم مقام، جانشین وصاحب سجادہ آستانہ اشرفیہ اپنے خلف اکبر خلیفۂ اول حضرت مولانا سید شاہ ابو محمد الحسن شریف کو نامزد فرماکر واصل حق ہوئے۔

واضح رہے کہ حضرت اولاد نورالعین کے تعلق سے حضور محبوب یزدانی کے فرمودات میں "حسن احسن الوجوہ واکبر الوقوہ شود" کا فرمان ایسا معتبر ومستند اور تاریخی جملہ

ہے۔ جس میں اصلاً کسی کو اختلاف نہیں جو لطائف اشرفی کے مطبوعہ، غیر مطبوعہ ملک، بیرون ملک میں قلمی وغیر قلمی پائے جانیوالے تمام نسخوں میں بعینہٖ انہیں الفاظ کے ساتھ موجود ہے اس کے برخلاف بعض دوسرے شاہزادوں کے تعلق سے جو مخدومی فرمان ہے اس میں بہت حد تک اختلاف پایا جاتا ہے اس اختلاف کا سبب جو بھی ہو۔ مرتب کی خطاء ونسیان خواہ کاتب کی تساہلی ولاپرواہی یا بعد والوں کی اضافی والحاقی کارستانی مگر اس اختلاف عبارت نے اس کی استدلالی حیثیت کو کمزور کردیا۔ جو حصول مقصد ومرام کیلئے کبھی بھی قابل انتفاع نہیں ہوسکتا جب کہ حضرت محبوب یزدانی نے اپنے ارشاد "حسن احسن الوجوہ واکبر الوقوہ شود" والے جملے سے حضرت سید شاہ حسن شریف اور ان کی اولادوں کے لئے ولایت وبزرگی اور تولیت وسجادگی پر مہر ثبت فرمادیا ہے کیونکہ فرمان کے جزء اول "احسن الوجوہ" سے ان کی ولایت وبزرگی کی طرف اشارہ ہے اس لئے کہ ولی کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ جسکا چہرہ مہرہ نورانی درخشاں اور تاباں ہو اور ان کے روئے تاباں سے ایسے انوار وتجلیات کا ظہور ہورہا ہو کہ جس کو دیکھ کر قدرت خداوندی یاد آتی ہو چنانچہ ہر وہ شخص جس نے خانوادۂ اشرفیہ حسنیہ سرکار کلاں کے کسی بزرگ کی زیارت کی ہو وہ بحسن وخوبی جانتا ہے کہ یہ صفات ان میں بدرجۂ اتم موجود ہوتی ہیں۔ شارح بخاری صدر شعبۂ افتاء حضرت مفتی شریف الحق صاحب امجدی نے اپنے ایک مضمون میں اعلیٰ حضرت اشرفی میاں کے تعلق سے درج بالا حقیقت کا اظہار کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

"حضرت کا حلیۂ جمال کا ہر نقش ونگار میرے دل ودماغ پر ثبت ہے۔ سبحان اللہ وہ نورانی اور دلکش چہرہ جس پر فردوس کی بہاریں قربان اور کیوں نہ ہو کہ مجدد اعظم امام احمد رضا قدس سرہ نے ان کے بارے میں فرمایا ہے کہ ؎

اشرفی اے رخت آئینۂ حسن خوباں
اے نظر کردہ وپروردۂ سہ محبوباں

جس مجلس میں تشریف رکھتے ایسا محسوس ہوتا کہ ملاء قدس کا کوئی فرشتہ جلوہ گر ہے جو دیکھتا ہوش وخرد کھو بیٹھتا"۔ (ماہنامہ اشرفیہ صدر الشریعہ نمبر ص ۵۸)

مخدومی فرمان کا دوسرا جزء "اکبر الوقوہ" ہے مخدوم پاک کی اس سے مراد خادم آستانہ وسجادہ نشین درگاہ ہے کیونکہ دقوہ د، ق، ہ "دقہ" سے ماخوذ ہے جس کے معنیٰ خدمت کرنے کے ہیں اسی لئے خادم کو واقہ کہتے ہیں۔ چونکہ یہ لفظ معنیٰ ومصداق کے اعتبار سے مشترک ہے اس لئے اس کے معنیٰ کا تعین قرینہ ومضاف الیہ کے اعتبار سے ہوگا۔ پس واقہ کی نسبت اگر گرجا اور کلیسا کی طرف ہو تو پادری مراد ہوگا۔ مسجد ومدرسہ کی طرف ہو تو منتظم ومہتمم مراد ہونگے اور اگر آستانہ وخانقاہ کی طرف اضافت ہوگی تو خادم آستانہ سجادہ نشین درگاہ ہوگا۔ (منتہی العرب۔ المنجد عربی ودیگر کتب لغات)

غرض مخدوم پاک نے اپنے ارشاد میں اولاد نور العین میں سے ہر ایک کی تولیت وسجادگی کی طرف اشارہ فرمادیا کہ ہر ایک سجادہ نشین ہوگا مگر ان میں حضرت شاہ حسن سب سے بڑے وبزرگ ہونگے۔ اور انکی نسبت بقیہ اولاد نور العین چھوٹے ہوں گے اور انکی حیثیت ثانوی ہوگی ـــــ دستور خانقاہ اور اصول سجادگی کے بموجب ایک وقت میں ایک درگاہ کے کئی سجادہ نشین نہیں ہو سکتے۔ اور نہ ہی اس پر کہیں عمل درآمد ہے البتہ زمان ومکان کے تعدد واختلاف کے اعتبار سے کئی متولیاں ہو سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ حاجی الحرمین حضرت سید عبد الرزاق نور العین قدس سرہ نے اپنے بقیہ تمام صاحبزادوں کو مختلف مقامات پر وہاں کی تولیت سونپ کر روانہ فرمادیا تھا۔ کسی کو جائس شریف اور کسی کو ردولی شریف اور کسی کو جونپور کیلئے منتخب فرمایا۔ تاکہ ہر قسم کے آپسی نزاع کا دروازہ ہمیشہ ہمیش کیلئے بند ہو جائے۔ اس لحاظ سے درگاہ شریف کی تولیت وسجادگی اولاد نور العین میں سب سے بڑے فرزند حضرت شاہ حسن کیلئے آفتاب نیمروز کی طرح ثابت ہو جاتی ہے غرض مخدوم سمنان کا ارشاد "حسن احسن الوجوہ واکبر الوقوہ شود" خانوادۂ اشرفیہ حسنیہ

سرکار کلاں کی ولایت وبزرگی اور تولیت وسجادگی پر ایک ایسا تاریخی دستاویز اور تاکیدی وثیقہ ہے جس سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں اس سے انحراف ورو گردانی کرنے میں مخدوم پاک کے فرمان کی بے توقیری اور انصاف دیانت کا خون کرنا ہے۔

رہے ماضی قریب کے بعض مصنفین کی خامہ فرسائی کہ حضرت عبد الرزاق نور العین نے اپنی نیابت وجانشینی اور تولیت وسجادگی صرف اور صرف اپنے چھوٹے لڑکے حضرت حسین کیلئے مخصوص فرمائی جیساکہ صاحب مراۃ الاسرار اور بحر ذخار کے مصنف کا رجحان ہے تو یہ ان کی ذاتی رائے ہے جو حضرت مخدوم سمناں کے فرمان "اکبر الوقوہ"، کے بالمقابل اور قدیم دستور خانقاہ کے برخلاف مطلقاً حجت نہیں۔ اس لئے کہ ان مورخین کا ماخذ "لطائف اشرفی" ہے جسمیں حضرت شاہ حسین خلف اصغر کیلئے "قائم مقام ما باشد" والا جملہ من گھڑت اضافہ ہے بلکہ فہم وادراک سے ماوراء اور عقل وقیاس سے بھی بالاتر ہے کیونکہ مخدوم پاک کا حضرت نور العین کو اپنا جانشین وقائم مقام نامزد کرنا پھر ان کی موجودگی میں ان کے کسی صاحبزادے کو اپنا قائم مقام کہنا یہ بات کسی طرح قرین قیاس نہیں ورنہ پھر حضرت نور العین کی سجادگی کی نامزدگی اور تولیت کی سپردگی ایک قضیۂ بے معنیٰ ہو کر رہ جائیگا حالانکہ ہم ثابت کر آئے ہیں کہ بہت ساری مطبوعہ وغیر مطبوعہ لطائف اشرفی میں حضرت سید شاہ حسن کے علاوہ کسی دوسرے کیلئے انحصار نیابت تو درکنار مطلقاً نیابت کا بھی ذکر نہیں ملتا حتی کہ شاخ حسینی کے ایک بزرگ سید محمد بن شیخ جعفر کی تحریر کردہ "لطائف اشرفی" کا قلمی فوٹو اسٹیٹ نسخہ جو دوبئی سے آکر مختار اشرف لائبریری میں موجود ہے اس میں بھی "حسن احسن الوجوہ واکبر الوقوہ شود" کے علاوہ کسی دوسرے کیلئے نیابت کا ذکر نہیں۔ نہ ہی اس میں کسی صاحبزادے کیلئے "قائم مقام ما باشد" کا اضافہ ہی ہے لہذا یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ان مؤرخین کی یہ تاریخی غلطی ممکن ہے کہ شاخ شاہ حسن سے ان کی عدم واقفیت یا شاخ شاہ حسین سے لگاؤ اور حسن عقیدت ووابستگی کے

سبب ان سے سرزد ہو گئی جیسا کہ معلوم ہے کہ صاحب مرآۃ الاسرار حضرت شاہ جعفر کے عقیدت کیشوں میں سے تھے۔

پھر حضرت شاہ حسن سجادہ نشین سرکار کلاں نے مخدوم پاک کے فرمان بلاغت نظام "اکبر الوقوہ" کے مطابق آستانۂ اشرفیہ کی تولیت و سجادگی کا اعجازی منصب اپنے بعد اپنے مرید و خلیفہ پرتو مخدوم سمناں حضرت مولانا سید شاہ محمد اشرف قدس سرہ سجادہ نشین سرکار کلاں کو سونپا۔ انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ مولانا سید شاہ محمد سجادہ نشین سرکار کلاں انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ مولانا سید شاہ حسین ثانی سجادہ نشین سرکار کلاں کو انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید شاہ عبدالرسول سجادہ نشین کو انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید نوراللہ سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید ہدایت اللہ سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید شاہ عنایت اللہ سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید نذر اشرف سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید نواز اشرف سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید شاہ صفت اشرف سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید شاہ قلندر بخش سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے مرید و خلیفہ سید شاہ منصب علی سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے برادر زادہ مرید و خلیفہ اشرف الصوفیاء مولانا سید شاہ ابو محمد اشرف حسین سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے برادر خورد قطب ربانی اعلیٰحضرت ابو احمد سید شاہ علی حسین اشرفی سجادہ نشین سرکار کلاں کو، انہوں نے اپنے فرزند کے فرزند اپنے پوتے اور دلبند مخدوم المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد مختار اشرف سجادہ نشین سرکار کلاں کو انہوں نے اپنے بعد اپنے فرزند اکبر جانشین مطلق و خلیفۂ اول حضرت مولانا ابو المحمود سید شاہ محمد اظہار اشرف سجادہ نشین سرکار کلاں کو تولیت و سجادگی کے عظیم منصب پر

فائز المرام فرمایا اور مولانا سید شاہ اظہار اشرف سجادہ نشین نے اپنے خلف اکبر مولانا سید محمود اشرف کو اپنا ولی عہد، جانشین اور قائم مقام قرار دیا۔ حضور صاحب سجادہ بحیثیت سجادہ نشین آستانہ اشرفیہ و متولی خانقاہ اشرفیہ مراسم عرس و دیگر امور کو بحسن وخوبی انجام دے رہے ہیں۔

حضور مخدوم پاک کے فرمانِ عالیشان اکبر الوقوہ کے بموجب جسطرح تولیت و سجادگی سجادگان خانوادۂ سرکار کلاں کے مابین یکے بعد دیگرے منتقل ہوتی رہی اسی طرح فرمان احسن الوجوہ کے مطابق اس نورانی سلسلہ میں ایک سے ایک بزرگ ولایت کے ماہِ کامل اور معرفت و سلوک کے راہبر پیدا ہوئے لیکن سجادگی کے اس طویل عرصہ میں حضرات سجادگان کو مصائب و آلام کے جن دشوار گذار مراحل اور ایسے صبر آزما ادوار سے گزرنا پڑا کہ جن کے تذکرے سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ نتیجتاً یہ حضرات تبلیغ دین رشد و ہدایت اور فرائض سجادگی کے ماسوا علم و ادب کے خدمات کی طرف خاطر خواہ توجہ نہ دے سکے البتہ قطب ربانی شبیہ غوث اعظم جیلانی اعلیٰحضرت اشرفی میاں قدس سرہ نے اپنے دور سجادگی میں دین و سنیت کی تبلیغ و اشاعت رشد و ہدایت اور علم و ادب کی خدمت میں وہ کارہائے نمایاں انجام دئے جس کی مثال نہیں ملتی۔ آپ نے شرق و غرب عرب و عجم کے آباد خطے کو سلسلۂ اشرفیہ کی نورانی شعاعوں سے منور کر دیا۔ جگہ جگہ خانقاہ و مدارس تعمیر کروائی کتابیں تصنیف کیں پریس قائم کیا۔ جامعہ اشرفیہ مبارکپور جو آج ترقی کر کے الجامعۃ الاشرفیہ کا روپ اختیار کر چکا ہے۔ اشرفیہ لائبریری اور خانقاہ اشرفیہ آپکی دینی روحانی اور علمی خدمات کا جیتا جاگتا نمونہ ہے آپ کی دینی و ملی خدمات اور تجدیدی کارنامے کو دیکھتے ہوئے تبصرہ نگاروں نے کہا ہے کہ آپ کو خانوادۂ اشرفیہ میں وہی مقام حاصل ہے جو بنو امیہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کو حاصل تھا۔

سجادگان سرکار کلاں کی طویل فہرست میں مخدوم المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد مختار اشرف سجادہ نشین کا اسم گرامی بھی جلی حرفوں میں لکھا ہوا ہے۔ آپ نے صغر سنی ہی سے زندگی کے آخری لمحات تک دین و سنیت کی ترویج و اشاعت، خدمت خلق اور سلسلۂ اشرفیہ کی آبیاری میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ لاکھوں گم گشتگانِ راہ اور حق کے متلاشی آپ کے دستِ حق پرست پر تائب ہو کر حلقہ بگوش سلسلۂ اشرفیہ ہوئے۔ بہت سے مدارسِ دینیہ مساجد اور خانقاہیں آپ کی زیرِ سرپرستی پھل پھول کر پروان چڑھے خانقاہ اشرفیہ، مختار المساجد، جامعہ اشرفیہ کچھوچھہ شریف، اور مولانا احمد اشرف ہال، آپکے دینی وعلمی خدمات کے تابندہ نقوش ہیں —— بانی جامع اشرف، شیخ اعظم حضرت مولانا سید شاہ محمد اظہار اشرف اشرفی الجیلانی سجادہ نشین سرکار کلاں زاد عمرہٗ نے اپنے دور ولی عہدی اور زمانہ سجادگی میں دین و سنیت کی ایسی ایسی خدمتیں انجام دیں جن کو ہر آنیوالا مورخ تاریخ کے سنہرے باب میں آب زر سے لکھنے پر فخر کرے گا۔ خانقاہِ اشرفیہ کا عروج وارتقاء جامع اشرف جیسا دینی وعلمی شاہکار ادارہ، مسجد اعلیٰ حضرت اشرفی جیسی عبادت گاہ، اشرف حسینی منزل جیسا تاریخی یادگار، نور العین پارک کا جاذب نظر اور دلکش منظر اور اسلامیات کا سب سے بڑا گراں قدر علمی سرمایہ یعنی مختار اشرف لائبریری آپ کی خدمات دینیہ اور مساعئ جمیلہ کے وہ تابندہ اور زندہ وجاوید کارنامے ہیں جو ہر زمانے میں اپنے دیکھنے والے سے خراج تحسین اور ہدیۂ تبریک حاصل کرتے رہیں گے آپ نے اپنے لائق وفائق فرزند خلف اکبر قائد ملت حضرت مولانا سید شاہ محمود اشرف اشرفی جیلانی مہتمم جامع اشرف کو اپنا ولی عہد اور قائم مقام و جانشین نامزد کر دیا ہے۔ حضرت ولی عہد میں دور اندیشی، سنجیدگی اور وقار و تمکنت کا پہلو نمایاں طور پر دیکھا جا سکتا ہے آپ آفاقی ذہن اور اخاذ طبیعت کے مالک ہیں۔ اپنوں بیگانوں کو آپ سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا

القرآن الكريم

عملیات

مقصد اول

سند صلاۃ الختام

شیخ المشائخ اعلیٰ حضرت اشرفی میاں قدس سرہ نے فرمایا کہ اس درود پاک کی اجازت مجھے حضرت مولانا سید شاہ آلِ رسول مارہروی قدس سرہ سے حاصل ہوئی اور آپ کو آل احمد قدس سرہٗ سے اور آپ کو سید حمزہ قدس سرہ سے آپ کو مولانا محمد اکرم پشاوری علیہ الرحمہ سے جو احمد شاہ درانی کے ہمراہ دہلی تشریف لائے وہاں سے مارہرہ شریف تشریف لاکر اجازت مرحمت فرمائی اور مولانا اکرم پشاوری علیہ الرحمہ کو اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا محمد عمر پشاوری علیہ الرحمہ سے اجازت حاصل تھی۔

طریقہ صلوٰۃ الختام یہ درود بہت مبارک اور پر تاثیر ہے جو شخص روزانہ ۳ مرتبہ ورد میں رکھے گا دارین کی نعمتوں سے بہرہ اندوز ہوگا اور اگر کوئی ضرورت پیش آئے تو ترک جلالی و جمالی کرکے ۱۴ روز تک چودہ چودہ مرتبہ ورد کرے اور سخت ترین مشکلات کیلئے چودہ روز تک ایک سو چودہ بار روزانہ پڑھے۔ صلوٰۃ الختام کے آخر میں جو ابیات پڑھے جاتے ہیں ان کا صرف ایک بار پڑھ لینا کافی ہے یہ درود حضرت سید حمزہ کے ورد میں تھا اس سے آپ کو بہت سی برکتیں اور نعمتیں حاصل ہوئیں۔

صلاۃ الختام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ع۱ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سُلَّمِ الْاَسْرَارِ الْاِلٰھِیَّۃِ الْمَنْطُوِیَّۃِ فِی الْحُرُوْفِ الْقُرْاٰنِیَّۃِ الذَّاتِیَّۃِ مَھْبَطِ الدَّقَائِقِ الرَّبَّانِیَّۃِ النَّازِلَۃِ فِی الْحَضْرَۃِ الْعَلِیَّۃِ الْمُفَصَّلَۃِ بِالْاَنْوَارِ الْمُتَجَلِّیَۃِ فِیْ لُبَابِ بَوَاطِنِ الْحُرُوْفِ الْفُرْقَانِیَّۃِ الصِّفَاتِیَّۃِ فَھُوَ النَّبِیُّ الْعَظِیْمُ مَرْکَزُ حَقَائِقِ الْاَنْبِیَاءِ

وَالْمُرْسَلِیْنَ مُفِیْضُ الْاَنْوَارِ اِلٰی حَضْرَتِھِمْ مِنْ حَضْرَتِہِ الْمَخْصُوْصَۃِ الْخَتْمِیَّۃِ شَارِبُ الرَّحِیْقِ الْمَخْتُوْمِ مِنْ بَاطِنِ الْکِبْرِیَاءِ مُوْصِلُ الْخُصُوْصِیَّاتِ الْاِلٰھِیَّۃِ اِلٰی اَھْلِ الْاِصْطِفَاءِ مِنْ کَنْزِ دَائِرَۃِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْاَوْلِیَاءِ مُنْزِلُ النُّوْرِ بِالنُّوْرِ الْمُشَاھِدُ بِالذَّاتِ الْمُکَاشِفُ فِی الصِّفَاتِ الْعَارِفُ بِظُھُوْرِ تَجَلِّی الذَّاتِ فِی الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ الْمَعْرُوْفُ بِظُھُوْرِ تَجَلِّی الْقُرْاٰنِ الذَّاتِیِّ فِی الْفُرْقَانِ الصِّفَاتِیِّ فَمِنْ ھٰھُنَا ظَھَرَتِ الْوَحْدَتَانِ الْمُتَعَالِیَتَانِ الْحَاوِیَتَانِ عَلَی الطَّرَفَیْنِ

ع۲ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ اللَّطِیْفَۃِ الْقُدْسِیَّۃِ الْمَکْسُوَّۃِ بِالْاَکْسِیَۃِ النُّوْرَانِیَّۃِ السَّارِیَۃِ فِی الْمَرَاتِبِ الْاِلٰھِیَّۃِ الْمُتَکَلِّمَۃِ بِالْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ الْاَزَلِیَّۃِ الْمُفِیْضَۃِ اَنْوَارَھَا عَلَی الْاَرْوَاحِ الْمَلَکُوْتِیَّۃِ الْمُتَوَجِّھَۃِ عَلٰی حَقَائِقِ الْحَقِیْقِیَّۃِ النَّافِیَۃِ لِظُلُمَاتِ اَکْوَانِ الْعَدَمِیَّۃِ الْمَعْنَوِیَّۃِ

ع۳ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْکَاشِفِ عَنِ الْمُسَمّٰی بِالْوَحْدَۃِ الذَّاتِیَّۃِ

ع۴ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَامِعِ الْاِجْمَالِ الذَّاتِیِّ الْقُرْاٰنِیِّ الْحَاوِیْ لِتَفْصِیْلِ الصِّفَاتِیِّ الْفُرْقَانِیِّ

ع۵ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الصُّوْرَۃِ الْمُقَدَّسَۃِ الْمُنَزَّلَۃِ مِنْ سَمَاءِ قُدْسِ غَیْبِ الْھُوِیَّۃِ الْبَاطِنَۃِ الْفَاتِحَۃِ بِمِفْتَاحِھَا الْاِلٰھِیِّ لِاَبْوَابِ الْوُجُوْدِ الْقَائِمِ بِھَا مِنْ مَطْلَعِ ظُھُوْرِھَا الْقَدِیْمِ اِلَی اسْتِوَاءِ اِظْھَارِھَا لِلْکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ

ع۶ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ حَقِیْقَۃِ الصَّلَوَاتِ وَرُوْحِ الْکَلِمَاتِ الْقُدْسِیَّاتِ وَصُوَرِ الْحَقَائِقِ

الفرقانیاتِ التفصیلیاتِ

ع۷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْجَمْعِيَّةِ الْبَرْزَخِيَّةِ الْكَاشِفَةِ عَنِ الْعَالَمِيْنَ الْهَادِيَةِ لَهَا اِلَيْهَا هِدَايَةً قُدْسِيَّةً لِكُلِّ قَلْبٍ مُنِيْبٍ اِلٰى صِرَاطِهَا الرَّبَّانِيِّ الْمُسْتَقِيْمِ فِي الْحَضْرَةِ الْاِلٰهِيَّةِ

ع۸ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُوْصِلِ الْاَرْوَاحِ بَعْدَ عَدَمِهَا اِلٰى نِهَايَاتِ غَايَاتِ الْوُجُوْدِ النُّوْرِ

ع۹ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاسِطَةِ الْاَرْوَاحِ الْاَزَلِيَّةِ فِي الْمَدَارِجِ الظُّهُوْرِيَّةِ۔

ع۱۰ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَسَنَاتِ الْجَاذِبَةِ بِالْاَرْوَاحِ الْمَعْنَوِيَّةِ

ع۱۱ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَسَنَاتِ الْوُجُوْدِيَّةِ الذَّاهِبَةِ لِظُلُمَاتِ الْاَكْوَانِ الطَّبَائِعِ الْحِسِّيَّةِ الْمَعْنَوِيَّةِ۔

ع۱۲ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُسْتَقِرِّ بُرُوْزِ بُرْهَانِ الْمَعَانِي الرَّحْمَانِيَّةِ مِنْهَا خَرَجَتِ الْخُلَّةُ الْاِبْرَاهِيْمِيَّةُ وَمِنْهَا حَصَلَ النِّدَاءُ بِالْمَعَانِي الْقُدْسِيَّةِ لِلْحَقِيْقَةِ الْمُوْسَوِيَّةِ

ع۱۳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ جَعَلْتَ وُجُوْدَكَ الْبَاقِيَ عِوَضًا عَنْ وُجُوْدِهِ الْفَانِيْ

ع۱۴ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

باقی دوسرے صفحہ پر

ابیات

اے رحمت عالمیں کجائی — بیمار شدیم از جدائی
دل طاقت ہجر تو ندارد — تا کے بفراق دم برآرد
از وصل خودم چو نمودی — آرام ز جان و دل ربودی
بازم بکنی بہ ہجر دمساز — اے سرور انبیاء سرافراز
خجلت زدہ ام ز کردۂ خویش — عاجز شدہ ام ز نفس بدکیش
شیطاں زدہ راہ نفس شوم — ایں بود نصیب گاہ مقسوم
در ہر دو سرائے رو سیاہم — بر ابتر حال کن نگاہم
امید بجز شفاعتم نیست — ہر چند کہ ذرہ طاعتم نیست
ز اندازہ بیروں شدہ گناہم — تاریک شبیست صبحگاہم

اے سرور انبیاء ترحم
تا خطرہ معصیت شود کم

اسناد دعاء حیدری

حضرت شاہ عبدالحق صاحب ردولوی قدس سرہٗ العزیز کو حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے عالم ارواح میں اس دعاء کی تعلیم فرمائی۔ حضرت شیخ المشائخ اعلیٰ حضرت اشرفی میاں کچھوچھوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اس دعاء کی اجازت مجھے حضرت آلِ رسول مارہروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے و حضرت مولانا حافظ شاہ عبدالعزیز صاحب اخوند دہلوی علیہ الرحمہ سے حاصل ہوئی اعلیٰحضرت اشرفی میاں علیہ الرحمہ سے ان کے نبیرۂ ارجمند مخدوم المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد مختار اشرف اشرفی الجیلانی سجادہ نشین آستانہ اشرفیہ سرکار کلاں کو اجازت حاصل ہوئی اور آپ سے آپ کے جانشین ولی عہد خلف اکبر شیخ اعظم حضرت مولانا سید شاہ محمد اظہار اشرف صاحب سجادہ نشین آستانۂ عالیہ اشرفیہ کو اجازت ملی

طریقۂ زکوٰۃ

<u>پہلا طریقہ</u>:۔ حیوانات جلالی[1] و جمالی[2] محرمات[3] مکروہات[4] ترک کر کے احرام اعتکاف و خلوت اور صوم کے ساتھ عروج ماہ میں بطہارت کامل سات روز تک روزہ

---

[1] حیوان جلالی میں مندرجہ چیزیں داخل ہیں گوشت، مچھلی، انڈا، ہڈی، شہد، مشک، سیپ کا چونا، چمڑے کا ڈول، مشک کا پانی، جوتا، موزے کا چمڑا، کتاب کی جلد کا چمڑا، کھال کا مصلیٰ، بکس، پیٹی، اونی کپڑا، ہڈی، سینگ، موذی اور غیر موذی جانوروں کا قتل کرنا، عورت سے صحبت کرنا، [2] حیوانات جمالی میں حسب ذیل چیز داخل ہے دودھ، دہی، بالائی، مکھن، گھی نمک وغیرہ [3] محرمات یعنی سلا ہوا کپڑا پہننا، بناؤ سنگار کرنا، بال مونڈوانا، ناخن کتروانا، یا بال کتروانا، جونک وغیرہ لگا کر خون نکلوانا [4] مکروہات یعنی لہسن، پیاز، گندنا، ہینگ، مولی وغیرہ تمام بدبودار چیزیں و جملہ حیوانات۔

رکھ کر بعد مغرب یا بعد فجر چودہ مرتبہ دعائے حیدری پڑھے بعد ازیں تین بار روزانہ پڑھتا رہے جب کوئی مہم پیش آئے تو چودہ مرتبہ دعاء مذکور بہ نیت کامیابی پڑھتا رہے اور جب تک مقصد پورا نہ ہو اس عمل کو ترک نہ کرے رحم کیلئے عروج ماہ میں اور قہر کیلئے نزول ماہ میں شروع کرے۔

<u>دوسرا طریقہ</u>:۔ پنجشنبہ کو غسل کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھ کر حضرت سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی روح پر فتوح کو پھر دو رکعت پڑھ کر حضرت شاہ عبدالحق صاحب ردولوی علیہ الرحمہ کو ایصال ثواب کرے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ یا سات سات یا تین تین مرتبہ سورہ اخلاص شریف پڑھے اور ۴۱ روز تک ۲۵ مرتبہ روزانہ دعائے حیدری پڑھتا رہے۔ پھر ہمیشہ روزانہ تین مرتبہ ورد میں رکھے۔

<u>تیسرا طریقہ</u>:۔ عروج ماہ روز ثابت میں پنجشنبہ کو ۵۰ مرتبہ پڑھے اس کے بعد روزانہ تین مرتبہ ورد میں رکھے۔

<u>چوتھا طریقہ</u>:۔ پنجشنبہ کو غسل کر کے دریا کے کنارے ۲۵ مرتبہ دعاء مذکور پڑھے یہ زکوٰۃ صغیر یک روزہ کہلاتی ہے۔

<u>پانچواں طریقہ</u>:۔ ۴۱ روز تک روزانہ ۱۲۰ بار پڑھے۔

<u>چھٹا طریقہ</u>:۔ ہر پنجشنبہ کو روزہ رکھ کر بہ ترک حیوانات جلالی و جمالی خلوت میں دعاء مذکور ۲۵ مرتبہ پڑھے اور روزانہ تین بار ورد میں رکھے اگر کچھ اسرار کا ظہور ہو تو کسی سے نہ کہے گرمی زیادہ معلوم ہو تو درود خمسہ کثرت سے پڑھے اور پڑھتے وقت صاحب اجازت کا تصور کرے تاکہ جلد اثر ظاہر ہو۔

<u>ساتواں طریقہ</u>:۔ غسل کر کے پاک کپڑے پہنے اور اس دعاء کو سو مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے یہ نصاب اکبر ہے۔

<u>آٹھواں طریقہ</u>:۔ ۴۰ روز تک ۴۰ مرتبہ پڑھے پھر بطور وظیفہ تین مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے اگر کوئی مشکل درپیش ہو جائے تو وظیفہ یومیہ کے علاوہ سات مرتبہ اور پڑھے تین روز سے لیکر

۳ ہفتہ کے اندر ان شاء اللہ المولیٰ تعالیٰ کامیابی حاصل ہو جائیگی

نواں طریقہ:- ۴۱ روز تک ۴۴۴ مرتبہ پڑھے۔

دسواں طریقہ:- ۴۴۴ کو چند روز پر مساوی تقسیم کر کے پڑھے اگر کسر واقع ہو تو اسے آخری دن میں شامل کر دے

گیارھواں طریقہ:- اگر بلا ادائے زکوٰۃ کسی مقصد میں کامیاب ہونا چاہے تو روزانہ گیارہ گیارہ بار یا سات سات یا تین تین بار کامیابی کی نیت سے پڑھے اور جب تک مقصد پورا نہ ہو نہ چھوڑے۔

اجابت دعاء کیلئے:- گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر یہ آیۃ کریمہ پڑھے۔

قُلِ اللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ

دعاء حیدری سے پہلے ایک مرتبہ اس دعاء کو پڑھے یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا مُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ یَا رَبِّیْ قَضِیْتُ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اعتصام دعائے حیدری

دعاء حیدری سے پہلے یہ درود گیارہ بار یا تین بار پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی حَقِیْقَۃِ رَبَّانِیْ وَلِیِّ اَسَدِ اللّٰہِ الْغَالِبِ سَیِّدِنَا عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَّعَلٰی جَمِیْعِ الطَّاھِرَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ لفظ حق تین بار بلند آواز سے پڑھے حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ اَفْعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ مِنَ الْاَزَلِ اِلَی الْاَبَدِ

اے فخر رسل کہ در بلا امدادی	در خلق حسن شفیع ہر نیک و بدی
از پائے فتادہ پریشاں حالم	فریادرسا خدا برائے خدا بدی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَرَاحِمَہٗ سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ اکْشِفْ عَلٰی حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ کَمَا ھِیَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الْجَلِیْلِ الْجَبَّارِ الْقَاھِرِ الْقَھَّارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ یَا حَیْدَرُ[1] یَا حَیْدَرُ یَا حَیْدَرُ یَا اَبَا تُرَابٍ یَا عَلِیَّ ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَا اَسَدَ اللّٰہِ الْغَالِبِ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ یَا رِجَالَ اللّٰہِ یَا مَقْبُوْلَ اللّٰہِ یَا مَحْبُوْبَ اللّٰہِ یَا ظُھُوْرَ اللّٰہِ

یا علی مرتضیٰ در ماندہ ام فریاد رس	جز تو دیگر کس ندارم یا علی فریاد رس
بار منت از خسیسان جہاں تا کے کشم	از در تو داد خواہم یا علی فریاد رس

یَا مُظْھِرَ[2] الْعَجَائِبِ بِالْقَھْرِ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ یَا حَقُّ یَا حَقُّ یَا حَقُّ تَحَقَّقْتَ بِالْحَقِّ وَالْحَقُّ فِیْ حَقِّ حَقِّکَ یَا حَقُّ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا قَادِرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَۃِ وَالْعَظَمَۃُ فِیْ عَظَمَۃِ عَظَمَتِکَ یَا عَظِیْمُ یَا رَبُّ یَا قَدِیْرُ یَا خَالِقُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا یَا عَلِیْمُ یَا مُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا ضَارُّ یَا جَبَّارُ

[1] اس جگہ دل میں حاجت کا خیال رکھے یا کرے [2] اس جگہ حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی صورت مبارکہ

بقیہ صفحہ ۲۸

يَا جَمِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ يَا جَلِيْلُ يَا جَمِيْلُ
يَا جَمِيْلُ حَسُوْدِيْ مَقْهُوْرٌ وَعَدُوِّيْ مَقْتُوْلٌ بِقَهْرِكَ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ
وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ قَهِّرْ اَعْدَائِیْ يَا جَبَّارُ يَا قَهَّارُ يَا مُذِلَّ كُلِّ
جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ يَا نَقِيبُ مِنْ كُلِّ جَوْرٍ لَمْ يَرْضَهٗ
وَلَمْ يُخَالِطْهُ فَعَالُهٗ يَا نَقِيُّ فَقَتَلْتُ بِسَيْفِ اللّٰهِ

ہر کس وسیلہ دارد من بے وسیلہ ام   مارا وسیلہ نیست بجز مرتضٰی علی
عرفان حق کہ می رسد از وے بعارفاں   در دو جہان کیست بجز مرتضٰی علی
یا علی گفتی کہ در مانی بدرمانت رسم   یا علی درماندہ ام اکنوں مرا فریاد رس
ذات پاکت را خدا مشکلکشا خلق کرد   از جفائے موذیاں خواہم امال اے داد رس

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى يَا قَوِيُّ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ
اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ اِقْهَرْ وَادْفَعْ اَعْدَائِیْ مِنْ قَهْرِكَ وَاَنْتَ اَشَدُّ الْقَاهِرِيْنَ
حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ

مشتاق آفتاب جمال محمدیم   مابندۂ محمد و آل محمدیم
مارا کہ ہست لاف غلامیٔ مصطفٰے   ما کمترین غلام بلال محمدیم

اختتام

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى بِاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا
يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ

بقیہ گذشتہ صفحہ۔ کو آفتاب کی روشنی سے زیادہ تاباں تصور کرے ۲ے اس جگہ سیدنا علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ کی صورت مبارکہ شیر ژیاں کی طرح نورانی تصور کرے اور اپنے سر پر بر دشمن کا ہاتھ پکڑے اور اس کو مارتا ہوا تصور کرے بقیہ صفحہ ۳۱ پر

الْاَزَلِ اِلَى الْاَبَدِ يَا حَقُّ يَا حَقُّ يَا حَقُّ يَا حَمِيْدُ الْفَعَّالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ
يَا حَمِيْدُ يَا غِيَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِيْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ
شِدَّةٍ وَمُوْنِسِیْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَرَجَائِیْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِیْ يَا غِيَاثِیْ

دوا کن درد مندم یا علی ابن ابی طالب   روا کن مستمندم یا علی ابن ابی طالب
سراپا عاصیم کس دست ایں عاجز نمی گیرد   بتو فریاد مندم یا علی ابن ابی طالب

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِكَ
يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ

یارب دخلق تکیہ گاہم نکنی   محتاج وگدا و بادشاہم نکنی
ایں موئے سیہ سفید کردی زکرم   با موئے سفید روسیاہم نکنی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

بقیہ صفحہ گذشتہ کا۔ ۷ے اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ ۳ بار دشمن کی ہلاکت کیلئے اور ۷ بار رزق میں اضافہ کیلئے پڑھے اس جگہ دشمن کو ہلاکت میں تصور کرے ۸ے اس جگہ خوفزدہ ہو کر عظمت الٰہی کا دل میں تصور کرے اور خود کو مغلوب سمجھے ۹ے اس جگہ دشمن کو ہلاکت وضلالت میں تصور کرے ۱۰ے بقہرک یا قہار ۳ مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ دشمن کے سر کو اس کے جسم سے جدا تصور کرے۔ ۹ے اس جگہ دشمن کو مقتول تصور کرے ۱۰ے اس کو تین مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ بائیں طرف زمین پر ہاتھ مارے اس مقام پر دل میں یہ خیال کرے کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام نے دشمن کو ہلاک کر دیا ہے۔

سند حزب البحر

امام العارفین شیخ المشائخ اعلیٰ حضرت مولانا الحاج حضور سید شاہ علی حسین صاحب قبلہ سجادہ نشین آستانہ اشرفیہ سرکار کلاں نے فرمایا کہ اول حزب البحر کی اجازت مجھے اپنے پیر و مرشد حضرت حاجی الحرمین الشریفین سید شاہ اشرف حسین الاشرفی الجیلانی سجادہ نشین اشرف السمنانی قدس سرہٗ النورانی سے اور آپ کو اپنے والد ماجد حاجی سید شاہ سعادت علی رحمۃ اللہ علیہ سے مدینہ منورہ میں ماہ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۳ھ کو ملی اور آپ کو اپنے پیر و مرشد مولانا سید شاہ امام اشرف جائسی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل ہوئی اور یہ سلسلہ مصنف علیہ الرحمۃ تک علی التسلسل پہونچتا ہے اور دوسری اجازت اس فقیر کو اپنے پیر و مرشد علیہ الرحمہ کے واسطے سے حضرت مولانا فصیح صاحب غازی پوری سے حاصل ہوئی اور تیسری اجازت مولانا حافظ شاہ اخوند محمد عبد العزیز الملقب بہ شاہ مقبول احمد قادری دہلوی نے عطا فرمائی اور چوتھی اجازت یکم ربیع الآخر سنہ ۱۲۹۷ھ کو جناب حضرت مولانا سید شاہ آل رسول احمد صاحب برکاتی سجادہ نشین مارہرہ شریف ضلع ایٹہ سے علی الترتیب حضرت شیخ المشائخ اعلیحضرت اشرفی میاں کچھوچھوی علیہ الرحمۃ کو ملی اور پانچویں اجازت سنہ ۱۳۲۹ھ میں بمقام مکہ مکرمہ زادہا اللہ شرفاً و تعظیماً جناب مولانا محمد عبد الحق مہاجر مکہ مکرمہ علیہ الرحمہ سے حاصل ہوئی آپ کو مولانا قطب الدین ثم المکی علیہ الرحمہ سے دوسری سند اجازت مولانا عبد الحق صاحب کو مولانا عبد الغنی صاحب مہاجر مدنی قدس سرہ سے اور آپ کو مولانا محمد اسحاق دہلوی سے آپ کو مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی سے آپ کو مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی سے آپ کو مولانا شاہ ابو طاہر سے آپ کو مولینا شیخ احمد النخلی سے آپ کو مولانا شیخ محمد بن العلاء

سے آپ کو مولینا سالم سنہوری سے آپ کو مولینا نجم الغیطی سے آپ کو مولینا شیخ الاسلام زکریا سے آپ کو مولینا عبد الرحیم بن فرات سے آپ کو مولینا عبد الوہاب بن علی السبکی سے آپ کو اپنے والد مولینا علی بن عبد الکافی السبکی سے آپ کو مولینا شیخ احمد عطاء اللہ سے آپ کو مولینا شیخ ابو العباس احمد بن عمر المرعشی سے آپ کو حضرت شیخ ابو الحسن الشاذلی سے رحمۃ اللہ علیہم اجمعین و علینا معہم اجمعین

ترکیب زکوٰۃ حزب البحر

حیوانات جلالی و جمالی کو ترک کر کے اعتکاف و خلوت اور صوم کے ساتھ عروج ماہ میں بطہارت کامل چہارشنبہ پنجشنبہ و جمعہ کو تین روز تک مع اعتصام و اختتام بلحاظ جملہ اشارات پڑھے پہلے اور دوسرے روز ایک سو بیس ۱۲۰ مرتبہ اور تیسرے روز ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے تاکہ ۳۶۵ کی تعداد پوری ہو جائے۔

دوسری ترکیب:۔ برعایت جملہ شرائط مندرجہ بالا پانچ روز تک ساٹھ مرتبہ اور چھٹے روز ۶۵ مرتبہ پڑھے۔

تیسری ترکیب:۔ بپابندی شرائط بالا گیارہ روز تک ۳۰۔ ۳۰۔ مرتبہ اور بارہویں روز ۳۵ مرتبہ پڑھے۔

چوتھی ترکیب:۔ بلا کسی شرط کے فجر یا عصر کی نماز کے بعد روزانہ ایک مرتبہ ایک سال تک پڑھے۔

پڑھنے کا طریقہ

جب حزب البحر شروع کرے تو دو رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ دونوں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے اور حضرت اسوۃ الکبریٰ شیخ ابو الحسن شاذلی قدس سرہٗ کی روح پاک کو ایصال ثواب کر کے ان کی روح سے مدد چاہے۔

اعتصام حزب البحر

اعوذ بالله من الشيطان الرجيم

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم اجعل حبك احب الي من نفسي وسمعي وبصري واهلي ومالي و
من الماء البارد للعطشان اللهم صل على سيدنا ومولانا محمد وعلى ال سيدنا
ومولانا محمد بعدد كل ذرة الف الف مرة۔ (سات مرتبہ)

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين اياك نعبد
واياك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير
المغضوب عليهم ولا الضالين آمين الله لا اله الا هو الحي القيوم لا تاخذه
سنة ولا نوم له ما في السموات وما في الارض من ذا الذي يشفع عنده الا باذنه
يعلم ما بين ايديهم وما خلفهم ولا يحيطون بشيء من علمه الا بما شاء
وسع كرسيه السموات والارض ولا يؤده حفظهما وهو العلي العظيم۔ امن
الرسول بما انزل اليه من ربه والمؤمنون كل امن بالله وملئكته وكتبه
ورسله لا نفرق بين احد من رسله وقالوا سمعنا واطعنا غفرانك ربنا
واليك المصير لا يكلف الله نفسا الا وسعها لها ما كسبت وعليها ما اكتسبت
ربنا لا تؤاخذنا ان نسينا او اخطانا ربنا ولا تحمل علينا اصرا كما حملته على
الذين من قبلنا ربنا ولا تحملنا ما لا طاقة لنا به واعف عنا واغفر لنا و
ارحمنا انت مولانا فانصرنا على القوم الكافرين ثم انزل عليكم من

بعد الغم امنة نعاسا يغشى طائفة منكم قد اهمتهم انفسهم يظنون
بالله غير الحق ظن الجاهلية يقولون هل لنا من الامر من شيء قل ان الامر
كله لله يخفون في انفسهم ما لا يبدون لك يقولون لو كان لنا من
الامر شيء ما قتلنا ههنا قل لو كنتم في بيوتكم لبرز الذين كتب عليهم القتل
الى مضاجعهم وليبتلي الله ما في صدوركم وليمحص ما في قلوبكم والله
عليم بذات الصدور محمد رسول الله والذين معه اشداء على الكفار
رحماء بينهم تراهم ركعا سجدا يبتغون فضلا من الله ورضوانا سيماهم
في وجوههم من اثر السجود ذلك مثلهم في التوراة ومثلهم في الانجيل
كزرع اخرج شطأه فآزره فاستغلظ فاستوى على سوقه يعجب الزراع ليغيظ
بهم الكفار وعد الله الذين امنوا وعملوا الصالحات منهم مغفرة واجرا
عظيما هو الله الذي لا اله الا هو عالم الغيب والشهادة هو الرحمن الرحيم
هو الله الذي لا اله الا هو الملك القدوس السلام المؤمن المهيمن العزيز الجبار
المتكبر سبحان الله عما يشركون هو الله الخالق البارئ المصور له الاسماء
الحسنى يسبح له ما في السموات والارض وهو العزيز الحكيم رب سهل
ويسر ولا تعسر علينا يا رب الف[1] با تا ثا جيم حا خا دال ذال را زا سين شين

---

[1] تمام حروف ایک سانس میں پڑھے اگر تسخیر خاص و عام مقصود ہو تو ۱۰۱ مرتبہ پڑھکر دائیں اور بائیں جانب دم کرے اور حضرت کے فیضانِ روح کی برکت سے حق تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرے اور ایک مرتبہ نادِ علی بھی پڑھ لے اور دشمن کے دفع کرنے کیلئے نادِ علی سات مرتبہ پڑھ کر خاک پر دم کر کے دشمن کی طرف پھینکے اور دفع سحر کیلئے تازہ پانی پر سات مرتبہ دم کر کے کچھ پی لے اور باقی سے باحتیاط غسل کرے اور دفع زہر کے واسطے سفید چینی کی رکابی یا پیالہ میں مشک و زعفران یا خالص زعفران سے لکھ کر پانی میں دھو کر پلائے اور بارہ ۱۲ مرتبہ نادِ علی بھی پڑھے۔

صٓاد صٓاد طا طا عین غین فا قاف کاف لام میم ن واو ھا لام الف ھمزہ یا جُلُّ
عَلیٰ ھَیْبَتِہٖ سَرَائِرُ حُلُّ لَہٗ وَعَزائِمُ وَمُشَاھَدَۃٌ قَدْ حَلَّتْ لَنَا مَوَاعِدُ عَفُوکَ عِنْدَ عَرَفَاتِھَا
نَحْنُ وُقُوفٌ بِھٖ اِنّی عَرَفْتُکَ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَخْیَارُ یَا اَبْدَالُ یَا اَوْتَادُ
یَا قُطْبُ یَا غَوْثُ یَا عُمَدُ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثِکُمْ وَاَجِیْبُوْنِیْ بِدَعْوَتِکُمْ وَالْطُرُوْنِیْ
بِنَظَرَتِکُمْ وَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّتِکُمْ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ نَادِ عَلِیًّا
مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اللّٰہُ وَبِنُبُوَّتِکَ
یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ
مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ اَنْتَ رَبِّیْ وَعِلْمُکَ حَسْبِیْ
فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّیْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ حَسْبِیْ تَنْصُرُ مَنْ تَشَاءُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ
نَسْئَلُکَ الْعِصْمَۃَ فِی الْحَرَکَاتِ وَالسَّکَنَاتِ وَالْکَلِمَاتِ وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ مِنَ
الشُّکُوْکِ وَالظُّنُوْنِ وَالْاَوْھَامِ السَّاتِرَۃِ لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُطَالَعَۃِ الْغُیُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِیَ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِیْدًا ۳ مرتبہ وَاِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ

ل یا علی کے بعد یا کافی المہمات ۷۰ بار پڑھے ۲ نسئلک العصمۃ کے بعد تین بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ
وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ۳ عن مطالعۃ الغیوب کے بعد باطنی ترقی کیلئے ۷۰ بار یا حفیظ پڑھے ۴ وزلزلوا زلزالا شدیدا ۳
مرتبہ پڑھے اور انگشت شہادت کو آسمان کی طرف اشارہ کرے

فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اِلَّا غُرُوْرًا فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا عَلٰی
جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَسَخِّرْ لَنَا ھٰذَا الْبَحْرَ کَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ
وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الرِّیْحَ وَالشَّیَاطِیْنَ وَالْجِنَّ
وَالْاِنْسَ لِسُلَیْمَانَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الثَّقَلَیْنِ لِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ
وَسَخِّرْ لَنَا کُلَّ اَمِیْرٍ وَّفَقِیْرٍ وَّوَزِیْرٍ وَّسَخِّرْ لَنَا کُلَّ بَحْرٍ وَّبَرٍّ وَّعَبْدٍ وَّحُرٍّ ھُوَ لَکَ فِی
الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَالْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ وَبَحْرِ الدُّنْیَا وَبَحْرِ الْاٰخِرَۃِ وَبَرِّھِمَا وَ
سَخِّرْ لَنَا کُلَّ شَیْءٍ یَا مَنْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ
کٓھٰیٰعٓصٓ ۳ مرتبہ اُنْصُرْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ النَّاصِرِیْنَ وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ

ل فثبتنا کے بعد دل کے اطمینان اور مصائب و آلام کے دور کرنے کیلئے یا مُثَبِّتَ الْقُلُوْبِ وَیَا نَاصِرُ ۷۰
بار پڑھے ۲ سخرلنا ھذا البحر پڑھتے وقت حصول مدعا دل میں رکھے ۳ کما سخرت البحر کے بعد
کشتی کی سلامتی کیلئے یہ عبارت تین مرتبہ پڑھے " خداوندا خود را در فیقانِ خود را بتو سپردم سلامت برسان "
۴ یا من بیدہ ملکوت کل شیء والیہ ترجعون کے بعد تسخیر خاص و عام کیلئے یا مُسَخِّرُ
۷۰ بار پڑھے بعدہٗ یا عزیز عزیز گرداں مرا در چشم فلاں بن فلاں ۷۰ بار اور تین بار سورہ انا انزلنا پڑھے
پھر کھیعص کے ایک ایک حرف پر دونوں ہاتھ کی انگلی بند کرے پھر انصرنا سے خیر الراحمین
تک ہر اسم پر دونوں ہاتھ کی ایک ایک انگلی کھولے اور حصول مراد دنیاوی دل میں خیال کرے اور ان
اسماء خمسہ میں سے نصرت کے لئے خیر الناصرین کے بعد یا ناصر ۷۰ مرتبہ اور کار بستہ کشود کیلئے
خیر الفاتحین کے بعد یا فتاح ۷۰ بار اور طلب مغفرت کیلئے خیر الغافرین کے بعد یا غفار
۷۰ بار، اور فتوح و نصرت اور حفاظت کیلئے یا نَاصِرُ یا فَتَّاحُ یا وَھَّابُ یا حَفِیْظُ ۷۰ بار اور ترقی
رزق کیلئے خیر الرازقین کے بعد یا وَھَّابُ یا غَنِیُّ ۳۰ بار، یا صرف یا رَزَّاقُ ۷۰ بار پڑھے، قرض
کی ادائیگی کیلئے ایک خاص وقت مقرر کرکے متواتر تین روز تک یہ دعاء ہر روز ۷۰ بار پڑھے اور

واغفر لنا فانک خیر الغافرین وارزقنا فانک خیر الرازقین وارحمنا فانک
خیر الراحمین واحفظنا فانک خیر الحافظین واھدنا فانک خیر الھادین
ونجنا من القوم الظالمین وھب لنا من لدنک عزۃ ودولۃ وحرمۃ وبرکۃ
وکرامۃ ومھابۃ ورزقا طیبۃ کما ھی فی علمک وانشرھا علینا من خزائن
رحمتک واحینا بھا حیاۃ الکرامۃ مع السلامۃ والعافیۃ فی الدین
والدنیا والاخرۃ انک علی کل شیء قدیر

اللھم یسر لنا امورنا مع الراحۃ لقلوبنا وابداننا والسلامۃ
والعافیۃ فی دیننا ودنیانا وکن لنا صاحبا فی سفرنا ومعینا وحامیا فی حضرنا
وخلیفۃ فی اھلنا واطمس علی وجوہ اعدائنا ۳ مرتبہ وامسخھم علی
مکانتھم فلا یستطیعون المضی ولا المجیء الینا ولو نشاء لطمسنا علی

بقیہ گذشتہ صفحہ — جب وارزقنا فانک خیر الرازقین پر پہونچے تو اس جملہ کو ۱۱ بار پڑھے بعدہ ۰، بار یہ دعاء پڑھے۔ اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک وبطاعتک عن معصیتک وبفضلک عمن سواک اللھم انی اعوذ بک من الھم والحزن واعوذ بک من العجز والکسل واعوذ بک من غلبۃ الدین وقھر الرجال

۱ ھب لنا کے بعد محبت کے واسطے یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ ۰، مرتبہ پڑھے اور ۳ مرتبہ یہ کہے "خداوندا محبت ومودت من در دل فلاں ابن فلاں و در جملہ جوارح و استخواں پدید آوردگرداں" ہتھیلی زمین پر ملے اسطرح تین دن پڑھے اور عرق گلاب میں دم کرکے کسی شیشی میں رکھے اور جب مطلوب کے مقابل جائے تو اس پانی کو ہاتھ اور منھ پر ملے ۲ واحملنا کے بعد تونگری وجاہ کیلئے یا غنی اغننی وارزقنی رزقا طیبا واسعا بغیر حساب ۰، مرتبہ پڑھے ۳ انک علی کل شیء قدیر کے بعد یہ دعاء ۰، بار پڑھے ۴ وابداننا کے بعد سہولت کار کیلئے یا میسر کل عسیر ۰، بار

بقیہ صفحہ آئندہ پر

اعینھم فاستبقوا الصراط فانی یبصرون ۵ ولو نشاء لمسخناھم علی مکانتھم
فما استطاعوا مضیا ولا یرجعون

یٰسٓ ۱ صلی اللہ علیہ وسلم ۳ مرتبہ والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین
علی صراط مستقیم تنزیل العزیز الرحیم لتنذر قوما ما انذر اباؤھم
فھم غافلون لقد حق القول علی اکثرھم فھم لا یؤمنون انا جعلنا فی اعناقھم
اغلالا فھی الی الاذقان فھم مقمحون وجعلنا من بین ایدیھم سدا
ومن خلفھم سدا فاغشیناھم فھم لا یبصرون

شاھت الوجوہ ۲ ۳ مرتبہ وعنت الوجوہ للحی القیوم وقد خاب من حمل
ظلما طس ۳ طسم حمعسق ۲ مرتبہ مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ
لا یبغیان حم سات مرتبہ حم الامر وجاء النصر فعلینا لا ینصرون حم تنزیل
الکتاب من اللہ العزیز العلیم ۵ غافر الذنب وقابل التوب شدید العقاب
ذی الطول لا الہ الا ھو الیہ المصیر بسم اللہ بابنا تبارک حیطاننا

بقیہ گذشتہ صفحہ — ۵ واطمس علی وجوہ اعدائنا کے بعد ۱۲ روز تک دعاء پڑھے یا قاھر ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاھر پڑھ کر کہے "خداوندا فلاں را شر و مکر و قہر و غضب مبتلا کن و بجود مشغول گرداں و چشم و گوش و زباں اورا بستہ ہلاک گرداں فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین" تین مرتبہ پڑھے۔

۱ یٰس سے لا یبصرون تک ۳ بار پڑھ کر آسمان کی طرف منھ کرے اور حصول مدعا کا دل میں خیال کرے۔ اثناء قراءت العزیز الرحیم کے بعد ترقی علم کے لئے یا حکیم ۰، بار پڑھے ۲ شاھت الوجوہ پر داہنے ہاتھ کی چار انگلیاں بند کرکے دشمن کی مقہوری کا خیال کرے ۳ طس طسم کے پانچوں حرفوں پر انگلیاں علی الترتیب بند کرے اور حمعسق پر کھولے اور حل مشکلات کا تصور کرے۔

بقیہ صفحہ آئندہ پر

یٰس[۱] سَقَفُنَا کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَیْتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا ۳ مرتبہ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا وَبِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ اَحَدٌ اِلَیْنَا) ۷ مرتبہ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا) ۳ مرتبہ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ اِنَّ وَلِیَّ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ۳ مرتبہ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۳ مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰهُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۳ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۳ مرتبہ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۳ مرتبہ یَا اَللّٰهُ یَا نُوْرُ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ اَلْبِسْنِیْ مِنْ نُّوْرِكَ وَعَلِّمْنِیْ مِنْ عِلْمِكَ وَفَهِّمْنِیْ عَنْكَ وَاَسْمِعْنِیْ مِنْكَ وَبِكَ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ جَدِیْرٌ ۝ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ اِسْمَعْ دُعَآئِیْ بِخَصَائِصِ لُطْفِكَ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ کُلِّهَا

بقیہ صفحہ گذشتہ۔ [۲] مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ کے بعد کمال معرفت اور غلبۂ حال کے حصول کے لئے ستر مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اور ایک بار اِنِّیْ اَسْئَلُكَ کَمَالَ الْمَعْرِفَةِ وَحَقِیْقَةَ الْیَقِیْنِ پڑھے اور چھ مرتبہ حٰمٓ پڑھ کر جہات ستہ کی طرف دم کرے اور ساتویں مرتبہ اپنے سینے پر دم کرے پھر ایک بار اس دعا کو پڑھے۔

دعا صفحہ آئندہ پر ملاحظہ کریں

حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِکْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذْنَا بِسُوْءِ اَعْمَالِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا وَکُفَّ اَیْدِیَ الظّٰلِمِیْنَ عَنَّا یَا حَفِیْظُ اِحْفَظْنَا اَللّٰهُمَّ یَسِّرْ اُمُوْرَنَا وَحَصِّلْ مُرَادَنَا

کر کے شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر استعمال کریں۔

برائے مرگی اسطوخودوس دو تولہ، عرق مکو، عرق گاؤزبان ایک ایک تولہ میں ملا کر صبح شام پلائیں بوقت مرگی رائی پیس کر پلانا بھی مفید ہے

برائے مالیخولیا۔ نمک سنگ، اجمود، گوکھرو، اسگند، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، سونٹھ فلفل دراز، سیاہ مرچ، اسپند سوختنی، نخ مساوی الوزن کوٹ کر پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں اور سات ماشہ شہد کے ساتھ ہر روز ایک گولی کھلائیں۔ مجرب ہے۔

برائے فالج ۔ کچلہ پانچ عدد مدبر کر کے، عاقرقرحا دو ماشہ، مصطگی اولی ۴ ماشہ آب صبح سنبل میں گھول کر بقدر جنگلی بیر گولیاں بنائیں۔ اور ہر روز بوقت صبح ایک گولی پانی سے کھلائیں

برائے لقوہ فی الفور نمک اور بھوسی گندم کی پوٹلیاں بنا کر اس سے سینکنا مفید ہے۔ اور حائفل بھی منہ میں رکھنا مفید ہے پانچویں روز کبوتر کا شوربہ پلانا چاہیے اور آتشی شیشہ کا دیکھنا بھی مفید ہے۔ کلونجی، ایلوا، بورہ، ارمنی سب مساوی لیکر آب چقندر میں حل کر کے نشوار کریں منہ سیدھا ہو جائے گا۔

برائے آشوب چشم و ضعف بصارت کشتہ جست ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ، اصل السوس مقشر ۶ ماشہ، پوست آملہ تین ماشہ، مامیرہ چینی ڈیڑھ ماشہ ان سب کو آب انگور میں ۲۱ پہر کھرل کر کے شیشی میں ڈالکر رکھیں اور رات دن میں پانچ مرتبہ لگانا آشوب چشم کیلئے اور دو مرتبہ لگانا ضعف بصارت کیلئے مفید ہے۔

برائے دردِ کان شیرہ ادرک نیم گرم کر کے ایک قطرہ کان میں ٹپکائیں یا نمک سیاہ عرق بادیان میں پیس کر نیم گرم کان میں ڈالیں۔ درد فوراً جاتا رہے گا اور شیرہ برگ شفتالو قدرے کان میں ڈالنے سے کرم سب مر جاتے ہیں۔

برائے میل و بدبو کان سرکہ اور گل روغن دونوں کو ملا کر اس میں ایک بتی تر کر کے کان

میں رکھیں۔

برائے بہرہ پن مغز تخم، آلو بخارا ایک تولہ، چار تولہ زہرہ گاؤ میں پیس کر پانچ تولہ روغن گل میں پکائیں پس جب روغن سے پانی جائے تو روغن کو صاف کریں اور اس طرح صاف کریں۔ اول گل بابونہ ایک تولہ، سرکہ چھ تولہ میں جوش دیکر کان میں بھپارہ لیں۔ پھر چند قطرہ روغن مذکور شیر گرم ٹپکائیں۔

برائے نکسیر شیرہ تخم کدو شیریں، تخم کاہو ہر ایک پانچ ماشہ، شیرہ عناب پانچ دانہ عرق گاؤ زبان پانچ دانہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر پینا بہتر ہے۔ اور مازو یا پرانا چمڑا یا پشم اونٹ جلاکر ان کی راکھ کی نسوار کرنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

برائے چھالہ زبان طباشیر سفید، کتھ سفید، کنول گٹھ ہم وزن لیکر باریک کر کے زبان پر چھڑکنے سے یا بہیدانہ منہ میں رکھنے سے چھالے ختم ہو جاتے ہیں۔

برائے جملہ مرض دندان نیلا تھوتھا بریاں، کتھ سفید عمدہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نمک لاہوری سات ماشہ، زہرہ سفید بریاں تین ماشہ، کشنیز خشک بریاں سات ماشہ، زنجبیل دو ماشہ، مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ، مصطگی دو ماشہ، کسیس دو ماشہ، کپور کچری دو ماشہ کباب چینی دو ماشہ، قسط شیریں ۲ ماشہ

ترکیب مصطگی، کسیس اور قسط کو علیحدہ پیس کر اور بقیہ دوائیں علیحدہ پیس کر سب کو ملاکر دانتوں پر ملیں۔ دو گھنٹہ گرم و سرد پانی سے پرہیز کریں۔ مجرب ہے۔

برائے کنٹھ مالا تخم سرس دس تولہ کو خوب باریک پیس کر اسمیں تین تولہ شہد ملاکر ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈالکر منہ آرد ماش سے بند کر کے دھوپ میں رکھیں۔ بعد ایک ہفتہ کے ہر روز ایک ایک تولہ بوقت صبح ناشتہ بردالے کو کھلائیں۔ مجرب ہے۔

برائے کھانسی دمہ و جملہ امراض شکم و سینہ پھول آگ جسکا منہ بند ہو چھ تولہ، اجوائن تین تولہ، نمک سیاہ تین تولہ، سب کو باہم پیس کر سایہ میں خشک کریں۔

صبح کو ایک کف کھائیں ترشی سے پرہیز کریں۔

برائے ضیق النفس برگ بانسہ نیم سیر کو ایک من پانی میں خوب جوش دیکر چھان کر پھر اس پانی کو آگ پر رکھ کر گاڑھا کریں جب گاڑھا ہو جائے تو پھر اس میں فلفل دراز قرنفل، بار برنگ، کاکڑا سنگی، تخم کٹائی کلاں، ہر ایک چار رتی باریک پیس کر اس میں ڈال کر بالکل خشک کریں اور صبح و شام ایک ماشہ استعمال کریں۔

برائے ذات الجنب قدرے بارہ سنگھا، سیاہ مرچ ۵ عدد دونوں کو رگڑ کر نیم گرم لگانا درد کو رفع کرتا ہے۔ نیز زردی بیضۂ مرغ اور ایلوا کا لیپ بھی مفید ہے۔

برائے دفع اسہال پیچش کچلہ کو شیشم کے کوئلے پر جلاکر ہم وزن راکھ کے قند سیاہ یعنی گڑ ملاکر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں اور صبح و شام ایک ایک گولی پیچش والے کو کھلائیں فوراً آرام ہوگا۔

برائے ہیضہ پیپیتہ، دریائی کھوپا، زہر مہرہ سب قدرے قدرے عرق گلاب میں گھس کر شربت صندل یا املی یا لیموں ملاکر دیں۔

برائے یرقان یرقان دو طرح کا ہوتا ہے ایک زرد دوسرا سیاہ یرقان زرد میں آنکھیں و ناخن سب زرد ہو جاتے ہیں اس کو یرقان اصغر بھی کہتے ہیں۔ دوسرا سیاہ اسکو یرقان اسود بھی کہتے ہیں۔

یرقان زرد:۔ چھال و جڑ ببکھر کی لیکر اس کو دھو کر ساٹھی کے چاول ملاکر سفوف کر کے مریض کو کھلائیں نیز سرسوں ۱ تولہ پیس کر دہی کے ساتھ کھلانا بھی اکسیر ہے۔

یرقان سیاہ:۔ ککروندہ مع جڑ و برگ پیس کر اس کا عرق لے کر پانچ تولہ شکر ملاکر پلانا مفید ہے۔

برائے طحال نوشادر، رائی، اجوائن، کتیرا گوند ہر ایک ایک ایک ماشہ، مصری دو ماشہ اس کا سفوف کر کے ہر روز یہ کھاکر اوپر پاؤ بھر پختہ پانی پیکر پہلو پر پندرہ بیس منٹ

لیٹ جانا چاہیے۔

برائے بواسیر خونی و بادی مغز تخم نیم، رسوت، ہلیلہ خورد ہر ایک ا تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ پہلے بغیر رسوت کے پیس کر پھر رسوت کے پانی حل کر کے باقی دوائیں ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیائیں بنائیں اور ہر روز صبح کو چار گولیاں استعمال کریں۔ گھی وغیرہ کا استعمال خوب کریں البتہ بڑی مرچ زیادہ نہ کھائیں۔

برائے بواسیر خونی :۔ چونا شگفتہ، نیلا تھوتھا، پوست ہلیلہ، کتھ سفید مساوی الوزن لے کر مسوں پر لیپ کریں مسے گر پڑیں گے۔

برائے بواسیر بادی :۔ تخم ہارسنگھا مقشر ایک تولہ، سیاہ مرچ ۳ ماشہ لے کر سب کو سفوف بنا کر ماشہ برابر گولیاں بنا کر صبح کو تین گولیاں پانی سے کھائیں۔

برائے درد گردہ درد گردہ عموماً افراط جماع سے ہوتا ہے اس سے احتیاط ضروری ہے۔ باؤبڑنگ چار ماشہ، ایلوا زرد چھ ماشہ، مغز املتاس ایک تولہ، سرکہ خالص، روغن گل ان کو پیس کر درد کی جگہ لگائیں نیم گرم کر کے نمک کی ٹکور کریں۔

درد وضع مفاصل سقمونیا ۳ ماشہ، قاقلہ، دار چینی، زنجبیل، تج، نار مشک منگ، مرچ سیاہ ہر ایک پندرہ ماشہ، تربد سفید، قند سفید ہر ایک پچیس تولہ کوٹ کر چھان کر شہد ملا کر کھائیں۔

برائے درد ہر قسم برگ درخت مدار، برگ تھوہر، برگ دستورہ، برگ مہندی، برگ بکائین، برگ سنبھالو، برگ سوہانجنا ہر ایک تین ماشہ کوٹ کر ایک سیر خام تیل کنجد میں جلا کر کے صاف کر کے جہاں درد ہو اس تیل سے نیم گرم مالش کر کے روئی یا برگ اڑھد باندھیں۔

- اور دوسرا نسخہ یہ ہے کہ سفید سنکھیا ایک تولہ لے کر سرمہ کی طرح سفوف بنالیں اور اس میں ۵ تولہ عرق پیاز، ۵ تولہ عرق لہسن ملا کر یک ذات کر لیں

پھر ایک سفید شیشے کے بوتل میں محفوظ کر لیں۔ بوتل کے اوپر ہلکا کپڑا باندھیں پھر اس بوتل کو چھت کے لو پر رکھدیں جب بوتل بالکل سرخ ہو جائے تو اسی مقدار میں کڑوا تیل میں پکادیں۔ جب پانی جھنجھنا جائے تو بوتل میں چھان کر رکھدیں پھر ہلکا گرم کر کے مقام درد پر مالش کریں۔ مجرب ہے۔

برائے برص (سفید داغ)، حب النیل، چوک، باپچی، آنبہ ہلدی، سہاگہ، تخم مولی، پنڈال، رال، بھارنگی، افسنتین ہر ایک سات ماشہ، جائیفل دو ماشہ، زعفران دو ماشہ ادرک کے پانی میں سب پیس کر دن میں تین دفعہ ضماد کر دیں مجرب ہے۔

برائے جذام بڑے بام مچھلی کا سینہ لے کر چاک کر کے تخم پنواڑ چار ماشہ اس میں بھر کر اسی سے اس کا منہ سی کر شہد میں تین روز تک رکھیں بعد تین روز کے اس کو دن میں تین دفعہ صبح دوپہر شام کھلائیں اس طرح ایک ہفتہ میں سات بام کھانا مجرب ہے

جوشاندہ برائے تپ ہر قسم :۔ گلو سبز ۹ ماشہ، پوست درخت نیم، صندل سفید، صندل سرخ ہر ایک چار ماشہ، بنفشہ تین ماشہ اس کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکا کر مل چھان کر مصری دو تولہ ڈال کر پلائیں، اگر مریض کو قبض ہو تو مویز منقیٰ ۶ ماشہ، پھول گلاب اصلی ۶ ماشہ، گاؤ زبان ۳ ماشہ بڑھائیں۔ اگر بلغمی تپ ہو تو بادیان چھ ماشہ زیادہ کریں۔ اگر کھانسی میں بھی شکایت ہو تو نسخہ میں سپستاں اسی دانہ، عناب نو دانہ، ملٹھی ایک ماشہ ڈالیں مجرب و آزمودہ ہے۔

حبوب برائے دافع تپ ہر قسم :۔ مغز تخم کرنجوہ، فلفل دراز ہر ایک ا تولہ، برگ کیکر ۶ ماشہ، جو سایہ خشک کئے ہوئے، زیرہ سفید ۹ ماشہ ان سب کو باریک پیس کر گلو سبز پانچ تولہ، چرائتہ ایک تولہ، مرچ سیاہ دو ماشہ نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں پکائیں جب تھوڑا پانی رہ جائے چھان کر اس پانی میں سفوف مذکورہ ڈال کر گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام پانی سے کھلائیں۔ اگر پرانا ہو تو تین

وقت کھلائیں اکسیر ہے۔

برائے تپ دق ست گلو، زنجبیل، پت پاپڑہ ہر ایک چھ ماشہ جو کوب کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر پانی باقی رہ جائے تو فلفل سیاہ پندرہ ماشہ باریک کرکے ڈالکر پلائیں۔ بفضل خدا سات روز پلانے سے شفا ہوگی۔ اس مرض کے لئے کشتہ ہڑتال بھی مفید و مجرب ہے۔

برائے مقوی باہ و مغلظ منی ثعلب مصری، شقاقل، موصلی سیاہ، موصلی سفید، سنبھل ستاور، تج قلمی، بیج بند، تخم تالمکھانہ، کمرکس، بھولپی، اسبغول، مغز تمر ھندی، مغز تخم جامن ہر ایک ایک تولہ لیکر سب کا سفوف بناکر ہر روز بوقت صبح ایک تولہ تازہ بکری یا گاؤ کے دودھ سے کھائیں۔ اور اوپر سے بھی آدھ سیر دودھ پی لیں۔

برائے جریان بیجبند، تالمکھانہ، ستاور، سروالی، مغز تخم کونچ، بھوپھلی، سمندر سوکھ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، اوٹنگن، اندر جو شیریں، طباشیر سفید، تخم تودری سفید، بہمن سفید ہر ایک ۶ ماشہ، ثعلب مصری، شقاقل، کشتہ قلعی ہر ایک ۱ تولہ ان سب کا سفوف کرکے مصری چھ تولہ ملاکر ایک تولہ ہر روز صبح عرق گاؤ زبان کے ساتھ استعمال کرے۔ مجرب ہے۔

برائے جریان انزال تالمکھانہ ۶ ماشہ، مصطگی ایک ماشہ، اسبغول ۶ ماشہ، سوئے اسبغول کے تمام ادویہ کوٹ لیں۔ اور اسبغول کا لعاب نکالکر باقی ادویہ ملالیں۔ یہ نسخہ ۲۵ روز استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

برائے سوزاک ہلدی، آملہ، ہم وزن کوٹ چھان کر سفید شکر برابر ملاکر چند روز ایک تولہ بوقت صبح پانی سے ایک ہفتہ برابر پھنکیں۔ اور اگر پرانا مرض ہو تو ۴۰ یوم استعمال کریں۔

دیگر برائے سوزاک گل ارمنی، رسوت، نیلا تھوتھا بریاں، پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، کافور ہر ایک تین ماشہ لے کر پانی میں رات بھر بھگو کر صبح دوپہر پچکاری کرنے سے سوزاک دور ہو جاتا ہے پینے کی دوا بھی استعمال کریں تو بہتر ہے

برائے دفع آتشک فلفل سیاہ، نیلو تھوتھا ہر ایک ڈھائی درم، ہلیلہ سیاہ پانچ درم جملہ ادویہ کوٹ چھان کر ایک سو ایک کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح ایک شام کھائیں۔ غذا میں دال اور مونگ کے سوا کچھ نہ استعمال کریں۔

برائے امساک ایک عدد بیضہ مرغ میں چھ ماشہ قلمی تج ملاکر خوب باریک کرکے تین گولیاں بنائیں اور ایک گولی چند لمحے بیشتر کھائیں۔

دیگر برائے امساک تخم ریحاں، سمندر سوکھ، تال مکھانہ ہر ایک پانچ درم، سب کا سفوف کرکے آدھا درم صبح کھائیں اس طرح چند روز استعمال کرنا مفید ہے۔

دیگر برائے امساک بیخ کنیر، بیخ گوندی، بیخ نیم، بیخ بڑ سب کو ہم وزن باریک کرکے گولیاں بقدر بیر بناکر رکھ لیں۔ وقت ضرورت ایک گھڑی کھاکر اوپر سے دودھ پی لیں۔ امساک بے مثل ہوگا۔

دیگر مغز تخم تمر ھندی، مغز سرس سفید، عقرقرحا ہم وزن سب کو باریک کرکے دو چند کھانڈ ملاکر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ ایک گھڑی پہلے استعمال کریں۔

دیگر لونگ، سینگ گائے کا برادہ، زعفران، دارچینی، عاقر قرحا ہر ایک پانچ درم، مشک خالص ایک ماشہ ملاکر گولیاں بقدر بیر بناکر ایک گولی وقت صحبت منہ میں رکھ لیا کریں۔

برائے سیلان الرحم، مجربات بادا، گوزبچن، سنگھ سک، دانہ الائچی، طباشیر، گل گلاب اصلی ہر ایک ایک تولہ، مصری کوزہ چار تولہ پہلے سک کو کھرل میں ڈالیں

پھر الائچی پھر طباشیر، پھر گل گلاب پھر مصری ڈال کر خوب کھرل کریں اور شیشی میں رکھیں ڈیڑھ ماشہ ہمراہ مکھن کھلا کر اوپر سے دودھ پلائیں مجرب ہے۔

برائے درستگی حیض چار پانچ سال کا پرانا درخت بیگن کا اکھاڑ کر اسکی جڑیں سایہ میں خشک کر کے اس کے ہم وزن پرانا گڑ یعنی قند سیاہ ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں حیض آنے کے دو چار روز پہلے سے صبح عورت کو ایک ایک گولی کھلائے خون حیض اگر بند ہو یا کم ہو تو درست ہو جائے گا۔ حمل کیلئے بھی مجرب ہے۔

برائے کثرت حیض طباشیر ڈھائی تولہ، الائچی خورد معدہ چھلکا دو تولہ ناگ کیسر چار تولہ ان کے پہلے علیحدہ پیس کر پھر بقدر چار ماشہ عرق کیوڑہ دو تولہ سے کھلائیں مجرب ہے۔ گرم اشیاء سے پرہیز رکھیں اور دودھ، چاول، دال مونگ وغیرہ کھلائیں۔

برائے اجراء حیض سونف، بابڑنگ ہر ایک چار ماشہ، بہروزہ گجراتی تین ماشہ ان سب کا سفوف بنا کر تین گولیاں بنائیں اور حیض سے تین دن پیشتر ایک گولی صبح کو کھائیں تیسرے روز حیض آنے لگے گا۔

برائے درد رحم جو ایام حیض میں ہو ریوند خطائی مصری وزن مصری برابر سفوف کر کے چھ ماشہ حیض سے دو تین دن پیشتر کھانی شروع کرے۔

برائے درد رحم و پشت قبل حیض تخم کرفس ایک درم، میتھی دو تولہ، تخم خیارین نیم کوفتہ انیسون تخم شبت، مجیٹھ ہر ایک ۷ ماشہ لے کر سب کو جوش دے کر ساڑھے اٹھارہ تولہ قند سیاہ میں قوام کریں۔ یہ دوا سات روز پی کر ختم کریں مجرب ہے

برائے معاون حمل برادہ دندان فیل اصلی شہد میں ملا کر عورت چند روز کھائے یا اجوائن کف دست چند روز کھائے اور باز کی بیٹ شہد میں حل کر فتیلہ بنا کر فرزجہ کرے۔

برائے حمل و حفاظت نسخہ ارٹا، ہلیلہ زرد ہر دو کو باریک پیس کر قند سیاہ حسب ضرورت ملا کر گولیاں بقدر بیر جنگلی بنا کر رکھ لیں جب چاند نکلے شروع میں تین دن اور چاند کی ۱۷ تاریخ سے آخیر ماہ تک ۱۳ روز برابر ہر روز ایک گولی نگل لیا کرے۔

برائے سرعت ولادت حاملہ کو جس وقت درد زیادہ پیدا ہو فوراً یہ دوا بنا کر عورت کو دیں بچہ پیدا ہوگا۔ جند بید ستر، دارچینی دو دو ماشہ، سلارس چار ماشہ ان کو باریک کر کے شہد میں ملا کر آٹھ ماشہ کھلائیں۔

بچوں کے مندرجہ ذیل مرض کیلئے استعمال کریں بچہ کا سوکھنا، بچہ کا رنگ زرد ہونا، بدہضمی ہونا، دست، پیاس لگنا، گرمی کا ہونا وغیرہ۔ دوا یہ ہے۔ موتی درناسفتہ چار رتی، زہرہ مہرہ خطائی، پتھر بیر، دریائی نارجیل، پوست ہلیلہ زرد، مغز کول ڈوڈھ طباشیر عمدہ، دانہ الائچی خورد، زیرہ گل گلاب، ہر ایک چھ چھ ماشہ ان کو عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں پھر جو بچہ بیمار ہو ایک گولی صبح شام گھول کر دیں۔ مجرب ہے۔

برائے دفع خنازیر کنٹھ مالا، گلاب اصلی، دانہ الائچی خورد، ہر ایک پانچ تولہ ان سب کو باریک کر کے شہد میں ملا کر تین تین ماشہ کی گولیاں بنا کر رکھ لیں، صبح کے وقت پانی سے ایک گولی کھلائیں۔ پھر ایک عدد کنڈیرنا یعنی جھاڑ بوجھا جس پر کنڈے ہوتے ہیں اس کو تیل سرسوں میں جلا کر خوب حل کر کے لگائیں تو گٹھلیاں رفع ہو جاتی ہیں۔

برائے ذیابیطس مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی، صندل سفید، کتیرا، صمغ عربی، گل انار، گل ارمنی ہر ایک تین تین تولہ، مغز تخم تربوز، مغز تخم کدو شیریں است گلو سب ایک ایک تولہ پیس کر رکھ لیں، خوراک چھ ماشہ، ہمراہ دودھ کھائے دن میں دو تین دفعہ دہی بھی پی لینا بہتر ہے۔

برائے سوگرے سنا در چار تولہ، جالفل ایک تولہ، الائچی خرد تین تولہ، دارچینی ایک تولہ ان سب کا سفوف بناکر صبح و شام دو دو ماشہ پانی تازہ سے کھلائیں مجرب ہے۔

برائے درازی بال، آملہ، بلیلہ، ہلیلہ، جٹا بانسی، گل سرخ، نرکچور کپور کچری، سب کو چھ چھ ماشہ لے کر روغن کنجد ڈیڑھ پاؤ میں پکا کر تیل کو چھان لیں اور بالوں پر خوب ملیں بال لمبے ہونگے۔

برائے لقوہ فالج و جع مفاصل درد یا تخم حرمل تیس تولہ، تخم اڑنڈ ساٹھ تولہ نیم کوفتہ، کچلہ سات تولہ، موصلی سفید دو تولہ، موصلی سیاہ پانچ، اجوائن دلیسی پندرہ تولہ روغن کنجد سیاہ تیس تولہ، اجوائن خراسانی دو تولہ، انیسون تین تولہ، برگ مدار یعنی آک پانچ عدد، برگ سہانجنہ دس تولہ برگ سبز حرمل پندرہ تولہ، مالکنگی دس تولہ، ایک تن میں ڈال کر تیل بذریعہ پتال جنتر نکالیں اور اس تیل کی مالش کریں۔ مجرب ہے۔

برائے بھوک بیر بہیڑہ چیتہ، سناء مکی، نمک لاہوری، ہم وزن سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور وقت ضرورت استعمال کریں۔

برائے قبض کشا برسنا ایک تولہ صاف جسمیں کوئی ذرہ بھی شاخ نہ ہو لیکر اس کو روغن بادام میں چرب کرکے گلقند، مربہ ہلیلہ، مویز منقیٰ، مغز کدو، سولف مقشر ہر ایک ایک تولہ سب کو پیس کر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھیں ضرورت کیوقت ایک یا دو گولی صبح و شام کھلائیں مجرب ہے۔

برائے پتھری حجر الیہود ۶ ماشہ، سنگ سرماہی چھ ماشہ، شورہ قلمی چھ ماشہ، دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ، ان سب دواؤں کا سفوف بنا کر رکھ لیں اور تخم خربوزہ چھ ماشہ، تخم خیارین ۴ ماشہ، خار خشک خوردہ چھ ماشہ، خار خشک کلاں چار ماشہ، تخم کاسنی چار ماشہ بادیان چار ماشہ کو لیکر تازہ پانی میں جوش دیکر سفوف مذکور تین ۳ ماشہ کھا کر جوشاندہ شربت بزروی معتدل ملا کر صبح و شام دو تولہ پی لیں۔

يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِن كُنتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ

القرآن الحکیم

متفرقات

خواب کی تعبیر

خواب	تعبیر
آگ بغیر دھوئیں کے دیکھنا	بادشاہت کی دلیل ہے۔
آگ کسی کے گرانے کے سبب خود کو جلتے دیکھنا	بادشاہ کے ظلم کی دلیل ہے لیکن چھٹکارا ملے گا۔
آگ بھڑکتا دیکھنا	تپ سے بیماری ہونے کی علامت ہے۔
آگ کا جسم کو جلاتے دیکھنا	رنج و نقصان کی دلیل ہے
آگ کسی کے گھر میں لگتے دیکھنا	جنگ و فتنہ میں گرفتار ہونیکی دلیل ہے۔
آگ کا کسی شہر یا محلہ کو جلاتے دیکھنا	کسی بیماری کے آنے کا اندیشہ ہے۔
آگ آسمان سے برستے دیکھنا	بادشاہ کی طرف سے خونریزی ہونیکی دلیل ہے۔
آگ کا آسمان سے اتر کر کھانیکی چیز کو جلاتے دیکھنا۔	عبادت کی قبولیت کی دلیل ہے۔
آگ کا کسی سنہری زمین کو جلاتے دیکھنا	اس جگہ ناگہانی موت آنیکی دلیل ہے۔
آگ کا قبا کو جلاتے دیکھنا	وہاں کے بادشاہ یا کسی آدمی کے مرنیکی دلیل ہے۔
آگ بجھتے ہوئے دیکھنا	صاحبِ خواب کے رحلت کی دلیل ہے۔
آگ کو سجدہ کرتے دیکھنا۔	ظالم بادشاہ کے سجدہ کرنے کی دلیل ہے
آگ کو پوجتے یا بوسہ کرتے دیکھنا	بادشاہ کے مخبر ہونے کی دلیل ہے۔
آتش کدہ دیکھنا	ذلت و خواری کی دلیل ہے۔
آٹا دیکھنا۔	نعمتِ حلال کی دلیل ہے۔
آٹا بیچتے دیکھنا	دین کو دنیا کے بدلے فروخت کرنے کی دلیل ہے۔
آزاد ہوتے دیکھنا	مرض و قرض سے رہائی کی دلیل ہے

خواب	تعبیر
آستانہ (دہلیز) گرتے دیکھنا	صاحبِ خانہ کے مرنے کا اندیشہ ہے۔
آستانہ نیچے کا گرتے دیکھنا	عورت کے مرنے کی دلیل ہے۔
آسمانِ اول پر خود کو دیکھنا	صاحب خواب کے قرب موت کی دلیل ہے
آسمان دوم پر خود کو دیکھنا	حصولِ علم و دانش کی دلیل ہے۔
آسمان سوم پر خود کو دیکھنا	دنیا میں حصول عزت کی دلیل ہے۔
آسمان چہارم پر اپنے کو دیکھنا	بادشاہ کا دوست ہونیکی دلیل ہے۔
آسمان پنجم پر اپنے آپکو دیکھنا	ہیبت و ترس پانے کی دلیل ہے۔
آسمان ششم پر اپنے کو دیکھنا	بخت و دولت اور نیکی کی دلیل ہے۔
آسمان پر عمارت بناتے دیکھنا	قرب موت کی دلیل ہے۔
آسمان سے سانپ بچھو برسے دیکھنا	عذاب خدا نازل ہونے کی دلیل ہے۔
آسمان کا دروازہ کھلتے دیکھنا	خیر در روزی اور قبولیت دعاء کی دلیل ہے۔
آسمان سے پتھر برستے دیکھنا	عذاب نازل ہونے کا اندیشہ ہے توبہ کرے۔
آئینہ دیکھنا	ولایت و مرتبہ کی دلیل ہے۔
آئینہ آہن کو دیکھنا	فرزند کی ولادت کی دلیل ہے۔
ابر سر پر سایہ فگن ہونا	سال رواں خیر و سلامتی کی دلیل ہے۔
ابرِ سیاہ کسی جگہ پر گھرا دیکھنا	عذاب الہی کی دلیل ہے۔
ابلیس کا دیکھنا	دشمنی، بے دینی، جھوٹ اور فریب کی علامت ہے
ابلیس کو مغلوب کرتے دیکھنا	دینداری کی علامت ہے۔
ابلیس سے باتیں کرتے دیکھنا	ضلالت و گمراہی کی علامت ہے۔
ازار باندھنا	عورت ملنے کی دلیل ہے۔
اژدہا دیکھنا۔	بڑے دشمن کو دیکھنے کی دلیل ہے۔

استغفار کرتے دیکھنا	بخشش ومال اور فرزند ملنے کی امید ہے۔
اُلو کا کسی کوچے میں اترتے دیکھنا	بادشاہ کے آمد کی دلیل ہے
اُلو کو مارتے دیکھنا	بادشاہ کے مرنے کی دلیل ہے۔
امامت میں خود کو دیکھنا	سرداری کی دلیل ہے۔
انار شیریں دیکھنا	روپیہ پانے کا اشارہ ہے۔
انار ترش دیکھنا	غم واندوہ کی علامت ہے۔
انگشت دست راست کا نہ ہوتے دیکھنا	فرزند یا بھائی کے موت کی نشانی ہے
انگلی اپنی ٹوٹی دیکھنا	زینت وآرائش کی دلیل ہے۔
انگوٹھی دیکھنا	خیر وسلامتی کی نشانی ہے۔
انگوٹھی ضائع ہوتے دیکھنا	آفت ودشواری ظاہر ہونے کی امید ہے۔
انگور سفید کھاتے دیکھنا	حصول مال ودولت کی امید ہے۔
انگور سیاہ کھاتے دیکھنا	غم واندوہ کی علامت ہے۔
انگور نچوڑتے دیکھنا	کسی کی خدمت کرنے کی دلیل ہے۔
اذان کی آواز معروف جگہ سے سننا	حج کی دلیل ہے۔
اذان کی آواز غیر معروف جگہ سے سننا	مکروہ وناپسندید بات پہنچنے پر دال ہے۔
الو دیکھنا	چور دیکھنے کی دلیل ہے۔

ب

بادام دیکھنا	نعمت وروزی کی دلیل ہے۔
بادشاہ کے سر پر تاج دیکھنا	فضل وشرف اور درازگی عمر کی دلیل ہے۔
بادشاہ بنتے دیکھنا	توانگری پر دال ہے۔
بادشاہ کے نزدیک اپنے کو دیکھنا	مقرب بادشاہ ہونے کی دلیل ہے۔

بیگن کھاتے دیکھنا	غم واندوہ کی دلیل ہے۔
بھاری بوجھ دیکھنا	کثرت گناہ کی دلیل ہے۔
بارش سخت وسیاہ دیکھنا	بیماری وہلاکت کی دلیل ہے۔
بارش لوگوں پر طوفان کی طرح برسنا	ناگہانی موت آنیکی دلیل ہے۔
بروقت بارش برستے دیکھنا	نعمت وفراخی کی دلیل ہے۔
باز کا مطیع دیکھنا	عزت ومرتبہ کی علامت ہے۔
بازو کا قوی دیکھنا	اپنے سے مدد ملنے کی امید ہے۔
بازو کا گرتے دیکھنا	اپنوں میں سے کسی کی موت کا اندیشہ ہے
باغ میں گل وپھول دیکھنا	فرزند صالح پیدا ہونے کا اشارہ ہے۔
باغ کو سبز آباد نہر جاری والا دیکھنا	اہل بہشت کی علامت ہے۔
باغ خوشنما لگاتے دیکھنا	شہادت کی دلیل ہے۔
باغ سے میوے لیجاتے دیکھنا	خیر ومنفعت کی دلیل ہے۔
باغ خود سے لگاتے دیکھنا	مالدار عورت سے شادی ہونے کی دلیل ہے۔
بت پرستی دیکھنا	خدائے تعالیٰ پر جھوٹ اور افترا کی دلیل ہے۔ توبہ کرے
بخشش کرتے دیکھنا	اپنے فرزند کے لئے عورت چاہنے کی دلیل ہے
بکری ذبح کر کے کھاتے ہوئے دیکھنا	عورت سے ضرورت پوری ہونیکی دلیل ہے۔
بکری کو گھر سے نکالنا	عورت کو طلاق دینے کی دلیل ہے
بکری کا گوشت کھاتے دیکھنا	بیمار ہو کر شفا پانے کی دلیل ہے۔
بطخ دیکھنا	نعمت کی دلیل ہے
بطخ کثیر دیکھنا	علاقہ میں کسی آفت آنیکی دلیل ہے۔
بلبل اڑتے دیکھنا	فرزند کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

برف دیکھنا جاڑے میں عذاب و مصیبت کی دلیل ہے۔
بچھو کو کاٹتے دیکھنا دشمن سے نقصان ہوگا۔
بیڑی پاؤں میں دیکھنا دین میں خلل ہے استغفار کرے۔
بنیاد رکھتے ہوئے دیکھنا خاص و عام کے فائدہ ملنے کی دلیل ہے۔
بنیاد پکی اینٹ اور چونے کی رکھتے دیکھنا مال حرام ملنے کی امید ہے۔
بنیاد کچی اینٹ کی رکھتے دیکھنا کار خیر میں بلند مرتبہ کی دلیل ہے۔
بیت المعمور میں سوتے دیکھنا قرب موت کی دلیل ہے۔
بیت المعمور میں جاتے دیکھنا علم و امانت اور حج کرنے کی دلیل ہے۔
بیمار خود کو دیکھنا دین میں فساد اور مرنے کی دلیل ہے۔ توبہ کرے۔
بیماری کے سبب برہنہ دیکھنا جلدی موت واقع ہونے کی دلیل ہے۔

(پ)

پانی کو سوکھتے ہوئے دیکھنا۔ عافیت و سلامتی کی دلیل ہے۔
پانی کی سطح پر چلنا حسن اعتقاد اور قوت ایمانی کی دلیل ہے۔
پانی خوشگوار پینا درازی عمر اور عیش و عشرت کی دلیل ہے۔
پاتیلہ میں کوئی چیز کھاتے دیکھنا گھر کی عورت سے خیر و نعمت کی دلیل ہے۔
پاؤں کٹا ہوا یا ٹوٹا ہوا دیکھنا مال ضائع ہونے کی دلیل ہے۔
پاؤں شل ہوتے دیکھنا نیک آدمی کیلئے درازی عمر کی دلیل ہے۔
پستان سے دودھ جاری ہوتے دیکھنا صاحب خواب کی لڑکی پر نعمت فراخ ہوگی
پستان سے خون جاری دیکھنا حرام مال پانے کی دلیل ہے۔
پستان کٹا ہوا دیکھنا عورت دیکھے تو لڑکی مرنے کی دلیل ہے مرد دیکھے تو عورت کے مرنے کی دلیل ہے۔

پاؤں کی انگلی دیکھنا زینت و آرائش کی دلیل ہے۔
پردہ لٹکتے ہوئے دیکھنا اگر تنگ ہے تو غم و اندوہ کی دلیل ہے۔
پردہ ضائع ہوتے دیکھنا غم و اندوہ سے خلاصی کی دلیل ہے۔
پری دیکھنا دولت و عزت کی دلیل ہے۔

(ت)

تاج اپنے سر پر دیکھنا عظمت و مرتبہ پانے کی دلیل ہے۔ اور اگر عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر دنیا کے کاموں میں صاحبِ مرتبہ ہوگا
تاج سر سے گرتے دیکھنا عورت کو طلاق دینے کی دلیل ہے
تاریکی میں ہوتے دیکھنا ضلالت و گمراہی کی دلیل ہے۔
تاریکی سے روشنی میں آتے دیکھنا توبہ اور راہِ مستقیم پر آنے کی دلیل ہے۔
تخت پر کچھ بچھا ہوا ہو اور اس پر صاحب بزرگی اور قدر و منزلت کی دلیل ہے۔ اگر نیک ہے۔
خواب کا سوتے ہوئے دیکھنا۔ اور اگر بد ہے تو سولی دیے جانے کا اشارہ ہے۔
تسبیح بیان کرتے دیکھنا فرمان حق کے مطیع ہونے کی دلیل ہے۔
تنور اپنے ساتھ دیکھنا امورِ خانہ داری کے انتظام پر دال ہے۔
تنور کو گرتے اور خراب ہوتے دیکھنا رنج و آفت اور خانہ بربادی کا اشارہ ہے۔
توبہ کرتے دیکھنا گناہوں سے خلاصی اور طالب آخرت کی دلیل ہے
تخت سے نیچے اترتے دیکھنا ذلت کی دلیل ہے۔
تخت پر بیٹھتے دیکھنا بلندی مرتبہ کی دلیل ہے
تلوار ہاتھ میں یا میان کے باہر دیکھنا لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
تلوار کا میان میں ہونا پھر میان کا ٹوٹنا اور تلوار سلامت رہنا لڑکے کی ماں کے مرنے پر اور لڑکا کے سلامتی پر دال ہے

(ج)

جماع کرتے دیکھنا	حاجت پوری ہونے کی دلیل ہے۔
جماع ماں بہن یا محرم سے کرتے دیکھنا	قرابت کی محبت دور ہوگی۔
جماع حائضہ یا مردہ سے کرتے دیکھنا	کام کے بدانجامی پر دلیل ہے۔
جنازہ لیجاتے دیکھنا	لوگوں پر حکومت کرے گا۔
جنازہ خود کا دیکھنا	شرف و بزرگی کی علامت ہے۔
جنگ کرتے دیکھنا	فتحمندی کی دلیل ہے۔
جوہر و موتی بیچتے دیکھنا	صاحبِ علم دین ہونے کی دلیل ہے۔
جنت کے میوے کھاتے دیکھنا	علم و دانش کی خصلت کی امید ہے۔
جنت اپنے اوپر بند دیکھنا	والدین کی ناراضگی کی دلیل ہے۔
جنت میں فرشتے کو لیجاتے دیکھنا	سعادت دارین کی دلیل ہے۔

(چ)

چادر پھٹتے دیکھنا	پردہ دری کی دلیل ہے۔
چادرِ شب دیکھنا	نئی عورت کرنے کا اشارہ ہے۔
چادر شب جلتے دیکھنا	عورت کیلئے طلاق یا شوہر کے مرجانے کا خطرہ ہے۔
چوپایہ کو اپنے سے باتیں کرتے دیکھنا	بزرگی کی دلیل ہے۔
چوغہ یا جبہ فراخ دیکھنا	بیوی کے نیک سیرت ہونے کی دلیل ہے۔
چھتری اپنے سر پر دیکھنا	بزرگی کی علامت ہے۔
چراغ گل ہوتے دیکھتا	فرزند کے مرنے پر دال ہے۔
چراغ روشن دیکھنا	دین و دنیا کی کے پانے کا اشارہ ہے۔
چشمہ جاری دیکھنا	سخاوت و بخشش پر دال ہے۔

(ح)

حج کرتے دیکھنا	حج نصیب ہوگا اور اگر بیمار ہے شفا پائے گا اور اگر قرضدار ہے تو قرض سے سبکدوش ہوگا۔ مسافر ہے تو وطن واپس ہوگا
حجر اسود پر ہاتھ ملتے دیکھنا۔	اہل حجاز سے نفع پانے کی دلیل ہے۔
حجر اسود کو اکھیڑتے دیکھنا	بد مذہبی کی علامت ہے۔
حرم کعبہ میں دیکھتا	دلیل امن و حج ہے۔
حوض سے پانی پیتے دیکھنا	علم سے حصہ ملنے کی دلیل ہے

(خ)

ختنہ کرتے دیکھنا	سنت بجالانے کی دلیل ہے۔
ختنہ کے وقت خون جاری دیکھنا	سنت پر ثابت قدم رہنے کی دلیل ہے
خرگوش پکڑتے دیکھنا	بری عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔
خلعت پہنتے دیکھنا	حصول علم و مال کی دلیل ہے۔
خنجر اپنے ہاتھ میں دیکھنا	عداوت کی دلیل ہے۔
خوشہ دیکھنا	فرزند اور برکت کی دلیل ہے۔
خنزیر کا گوشت کھاتے دیکھنا	سود کھانے کی علامت ہے۔
خنزیر لیکر پھرتے دیکھنا	احوال آخرت کے برے ہونے پر دال ہے۔

(د)

دوا غیر موافق کھاتے دیکھنا	دین کی صلاح میں فساد ہونیکی دلیل ہے۔
دوا بناتے دیکھنا	خلق خدا پر احسان کرنے کی دلیل ہے۔
دوا کھانیکے بعد دست و قی آتے دیکھنا	غم و اندوہ پانے کی علامت ہے۔

دجال کو دیکھا — اس جگہ کوئی فتنہ واقع ہوگا
دروازہ گھر کا ٹوٹا دیکھنا — رنج و مصیبت پہنچنے پر دال ہے۔
درخت کو خوشبودار اور مزیدار دیکھنا — اصلاح اور دینداری کی دلیل ہے۔
درخت اپنے گھر میں لگاتے دیکھنا — داماد لانے کی دلیل ہے۔
درخت کے پتے کو جمع کرتے دیکھنا — مال جمع کرنے کی دلیل ہے۔
درخت کو کاٹتے دیکھنا — بیمار ہونے یا کسی عزیز کے مرنے کا اندیشہ ہے۔
درہم دیکھنا — درہم حاصل ہونے اور نیک بات سننے کی دلیل ہے
درہم تقسیم کرتے دیکھنا — جھگڑا ہونے پر دال ہے۔
دریا کا پانی پیتے دیکھنا — بادشاہ یا عالم سے عزت و مرتبہ پانیکی دلیل ہے۔
دریا میں تیرتے دیکھنا — مقید ہونے کا خدشہ ہے۔
دریا میں تیرنا اور قدم تر نہ ہونا — دوزخ کی آگ سے محفوظ ہوگا
دستار اپنے سر پر دیکھنا — صلاح دین پر دال ہے۔
دستار گرتے دیکھنا۔ — نقصان دین پر دال ہے۔
دستار اور لباس سب سبز دیکھنا — دنیا سے شہید ہو کر جائے گا۔
دشمن پر غلبہ پاتے دیکھتا — مراد پانے کی دلیل ہے۔
دعا کرتے دیکھنا — مراد پوری ہونے کی دلیل ہے۔
دانت خار میں گرتے دیکھنا — اقارب میں سے کسی کا انتقال ہوگا۔
دانت سب کے سب گرتے پھر سب کا آتے دیکھنا — اہل خاندان کی ہلاکت پر دال ہے۔
دانت اگتے دیکھنا — اولاد ہونے کی دلیل ہے۔
دوزخ میں خود کو دیکھنا (معاذاللہ) — بدبختی کی علامت ہے توبہ کرے۔

(ر)

ران خود کی لوٹی دیکھنا — جدائیگی کی دلیل ہے۔
راستہ پر چلتے دیکھنا — راہ مستقیم پر چلنے کی دلیل ہے۔
راستہ ٹیڑھے پر چلنا — گناہ کی دلیل ہے۔
رضوان جنت کو دیکھنا — عذاب سے محفوظ رہنے پر دال ہے۔
رضوان کو بہشت میں کھڑا دیکھنا — صاحب خواب کے دنیا سے رحلت کی دلیل ہے۔
روزہ رکھتے اور قرآن پڑھتے دیکھنا — حرام وگناہ سے توبہ کی دلیل ہے۔
روزہ رکھتے ساتھ ہی غیبت کرنا — ریاکاری پر دلیل ہے۔
روزہ لگاتار رکھتے دیکھنا — حج کرنے کا اشارہ ہے۔
روسیاہ گرد آلود دیکھنا — کفر و شرک پر دلیل ہے توبہ کرے

(ز)

زبان دراز ہوتے دیکھنا — فحش گوئی کی دلیل ہے۔
زبان دو دیکھنا — علم و دانش پر دلیل ہے۔
زبان بند کرتے دیکھنا — جھوٹ سے توبہ کی دلیل ہے۔
زبان گونگ دیکھنا — دین و دنیا میں فساد کی دلیل ہے۔
زبور پڑھتے دیکھنا — حق تعالیٰ کی طرف رجوع کی دلیل ہے۔
زلزلہ ہوتے دیکھنا — مرض و آفت اور بیماری کی دلیل ہے۔
زمین سبزہ و نبات دیکھنا — دینداری کی علامت ہے۔
زمین میں دھنس کر غائب ہونا — مرنے کی دلیل ہے۔
زمین کاشت کرتے دیکھنا — کسی بڑے کام میں مشغول ہونے پر دال ہے۔
زنجیر میں جکڑا دیکھنا — گناہ میں ملوث ہونے کی دلیل ہے۔

(س)

ستارہ روشن زمین پر گر کر گم ہو جانا	کسی بڑے عالم کی موت کی دلیل ہے۔
ستارہ ہاتھ میں پکڑتے دیکھنا	فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
ستارہ گود میں گرتے دیکھنا	فرزند پیدا ہونے پر دال ہے۔
سجدہ اللہ کو کرتے دیکھنا	بزرگی کی دلیل ہے۔
سجدہ گاہ پر بیٹھے دیکھنا	ملک حجاز کے سفر کی علامت ہے۔
سر بڑا دیکھنا	سرداری کی دلیل ہے۔
سر زمین پر گرا دیکھنا	اس کا سرمایہ کھونے کی علامت ہے۔
سر آدھا دائیں ہاتھ میں آدھا بائیں ہاتھ میں دیکھنا۔	والدین کی موت کی دلیل ہے۔
سر اپنا کٹا ہوا دیکھنا	والدین سے جدائیگی کی دلیل ہے۔
سلطان کا کسی جگہ جاتے دیکھنا	اس جگہ رنج و مصیبت پہونچنے کی دلیل ہے۔
سورۂ الحمد پڑھنا	درازیٔ عمر کی علامت ہے۔
سورۂ البقرہ پڑھنا۔	دشمنوں سے امن میں رہنے کی علامت ہے۔
سورۂ النساء پڑھتے دیکھنا۔	وراثت پانے کی دلیل ہے۔
سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا پڑھنا۔	دشمنوں پر فتح یابی کی دلیل ہے۔
سورۂ ملک پڑھنا۔	عذاب قبر سے رہائی پر دال ہے۔
سورہ معوذتین پڑھتے دیکھنا	سحر و نظر بد سے بچنے کی علامت ہے۔
سیب دیکھنا	حصول نفع اور فرزند کی دلیل ہے۔
سینہ فراخ ہوتے دیکھنا	بگڑا کام سنور جانے کی دلیل ہے۔
سینہ تنگ دیکھنا	دین میں خلل واقع ہونے کی دلیل ہے

(ش)

شراب پینا	جان و مال کا نقصان ہو مال حرام اور خصومت پر دال ہے
شہد کھاتے یا دیکھتے دیکھنا	اگر مریض ہے تو شفا پائے ورنہ ایمانداری کی دلیل ہے۔
شوربا کھانا	بیماری سے صحت یابی کی علامت ہے۔
شیر سے اپنے آپ کو لڑتے دیکھنا	کسی زبردست سے مقابلہ ہونے کی دلیل ہے۔
شراب کی نہر باغ کیطرف جاری ہونا	جنتی ہونے پر دال ہے۔
شیطان کو عورت کی شکل میں دیکھنا	دن رات عورتوں کی صحبت اور کاروبار سے غفلت کی دلیل ہے
شادی دیکھنا	ماتم داری کی علامت ہے۔
شبنم گرتے دیکھنا	رنج و غم اور تکلیف اٹھ جانے کی دلیل ہے۔

(ص)

صندوق دیکھنا	غلام یا کنیز ہاتھ آنے اور عیش و آرام اٹھانے پر دال ہے
صراحی دیکھنا	دولت دنیا سے مسرور ہونے کی علامت ہے۔
صابون کا دیکھنا	مریض کیلئے صحت یابی کی دلیل ہے۔
صدقہ دینا	تمام بلا و مصیبت سے صفائی کی نشانی ہے۔

(ض)

ضعیف کو دیکھنا	خوش نصیبی اور نیک کوشش کی دلیل ہے یا بیسی خوبی درشتی کی صورت میں ہے دلیل اچھی ہے
ضعیفہ کو دیکھنا	اگر فربہ اور تازہ رو دیکھے تو زوال دنیا کی دلیل ہے۔ اور صاحب خواب کو دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر اس کے برعکس ہے تو تنگیٔ معاش اور پریشانی ہوگی
ضیافت کرنا	سعی کے بعد کامرانی ہوگی۔

(ط)

طاعون اپنے جسم پر دیکھنا	بلا و فتنہ میں پڑنے کی علامت ہے۔
طشت ٹوٹتے دیکھنا	عورت کے جدا ہونے کی دلیل ہے۔
طبیب کا علاج کرتے دیکھنا	راہ فساد سے نکلنے کی دلیل ہے۔
طلاق دیتے دیکھنا	مرتبہ و عزت سے گرنے کی دلیل ہے۔
طوطا ہاتھ سے اڑتے دیکھنا	فرزند کے سفر میں جانے کی نشانی ہے۔
طوق اپنی گردن میں دیکھنا	جھوٹا دعویٰ کرنے کی دلیل ہے۔

(ظ)

ظلم اپنے اوپر ہوتے دیکھنا	ظالم پر فتح مندی کی علامت ہے۔
ظلم کسی پر کرتے دیکھنا	مغلوب ہونے کی دلیل ہے۔
ظلمت سے روشنی میں آنا	دین کا راستہ کھلے گا۔

(ع)

عالم ہوتے دیکھنا	اگر عالم نہیں ہے طعنہ زنی کی دلیل ہے اور اگر عالم ہے تو زیادتیٔ علم پر دال ہے۔
عبادت کرتے دیکھنا	دنیا کی بھلائی ملنے کی دلیل ہے۔
عورت کا کپڑا پہنتے دیکھنا	زیادتیٔ مال اور خوف کا سبب ہے۔
عصا اپنے ہاتھ میں دیکھنا	کسی بڑے آدمی سے عزت پانے کی دلیل ہے۔
عصا کسی کو دیتے ہوئے دیکھنا	ہلاکت کی نشانی ہے۔
عمارتِ مسجد و مدارس وغیرہ کا ویران جگہیں بنانا	صلاح دین اور ثواب آخرت پر دلیل ہے۔
عمارت ویران ہوتے دیکھنا	بلا و آفت آنے کی دلیل ہے۔
عید کا دن دیکھنا	قید سے خلاصی اور بلندیٔ مرتبہ پر دال ہے۔

عاشورہ کا دیکھنا	مراد کو پہونچنے کی دلیل ہے۔

(غ)

غار میں مقیم دیکھنا	کسی سخت کام میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔
غار سے باہر نکلنا	بعد مرض شفا کی علامت ہے۔
غارت گری دیکھنا	مصیبت پہونچنے کا اندیشہ ہے۔
غبار زمین سے آسمان تک دیکھنا	علاقہ کے لوگ جو کام کرتے ہیں اس سے رکنے کی دلیل ہے
غبار سے چہرہ پر ہونا	رنج و عذاب پہونچنے کی دلیل ہے۔
غرق ہو کر مرتے دیکھنا	بادشاہ کی طرف سے ہلاک کئے جانیکی دلیل ہے

(ف)

فرزند پیدا ہوتے دیکھنا	لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
فرزند غائب ہونا	بیمار ہونے کی دلیل ہے۔
فرعون کی طرح کسی بادشاہ کو دیکھنا	فرعون ملعون کی خصلت ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔
فقیہ دیکھنا	شرافت و بزرگی پانے کی دلیل ہے
فرشتگان مقرب کو دیکھنا	مرتبہ بلند ہونا اور خلق سے مستفید ہونیکی علامت ہے
فوارہ دیکھنا	غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے
فیروزہ پانا یا دیکھنا	فرزند پیدا ہونے یا دشمن پر فتح یابی کی دلیل ہے۔

(ق)

قاضی ہوتے ہوئے دیکھنا	اگر اہلیت قضا نہیں رکھتا تو رنج و ملال میں گرفتار ہونیکی علامت ہے اگر سفر میں ہے تو ڈاکو ماریں گے اگر عالم ہے تو قاضی ہوگا۔
قاضی کا حکم خود پر ہوتے دیکھنا	وہ وہی ہوگا جو دیکھا ہے۔

قافلہ گھر آتے دیکھنا رُکا ہوا کام پورا ہونیکی دلیل ہے۔

قالین بڑا بیچھا ہوا دیکھنا اگر اس کی ملک ہے تو درازیٔ عمر کی دلیل ہے

قبا موتی پہنے ہوئے دیکھنا غموں سے نجات کی دلیل ہے۔

قرآن ختم کرتے دیکھنا مراد پانے کی دلیل ہے اور اختتام عمر بھی ہوسکتی ہے

قرآن نصف پڑھتے دیکھنا نصف عمر ہونے پر دال ہے۔

قرآن کا حافظ ہوتے دیکھنا امانت کو نگاہ میں رکھنے کی دلیل ہے۔

قرآن خواں نہیں ہے لیکن قرآن پڑھنا قرب موت پر دال ہے۔

قربانی کرتے ہوئے دیکھنا رنج و مصیبت سے چھٹکارا پانے اور مالداری کی دلیل ہے۔

قربانی کا گوشت تقسیم کرتے دیکھنا کسی مالدار کے مرنے کے بعد اس کا مال تقسیم ہوگا۔

(ک)

کشتی دریا میں تباہ ہوتے دیکھنا کسی قوم کے ہاتھ میں ہلاک ہونیکی دلیل ہے۔

کشتی غرق ہوتے اور خود سلامت رہنا مال ضائع ہوگا اور وہ سلامت ہوگا۔

کعبہ دیکھنا صلاح دین کی دلیل ہے۔

کعبہ اپنے مکان کو دیکھنا حفاظت اور عزت کی دلیل ہے۔

کفن مردے کا پھاڑتے دیکھنا دنیا کی طرف توجہ اور مال حرام جمع کرنیکی دلیل ہے۔

کفن کسی مردے یا زندے کی تیار کرنا رنج پہونچنے پر دال ہے۔

کلیسا میں جاتے دیکھنا اگر قبلہ کی طرف نماز پڑھی تو توبہ کی دلیل ہے۔

کوہ قاف کی سیر کرتے دیکھنا حکومت یا بادشاہت کی دلیل ہے۔

کتاب الٰہی دیکھنا دین اور علم اور مال حاصل کرنے اور لوگوں کو نفع پہونچانے کی دلیل ہے۔

کاغذ سفید و پاکیزہ اپنے پاس رکھنا مال و بزرگی کے پانے کی دلیل ہے۔

کاغذ اپنا پانی میں گلنا یا آگ میں جلنا نقصانِ مال و بزرگی پر دال ہے۔

کبوتر پکڑتے دیکھنا عورت کرنے کی دلیل ہے۔

کتاب پڑھتے دیکھنا فن کے اعتبار سے اسکی تعبیر ہے بہرحال حسن ہے۔

کرتہ سفید پہنتے دیکھنا غم و اندوہ سے خلاصی پانے کی دلیل ہے۔

کرسی پر بیٹھتے دیکھنا جاہ و مرتبہ یا عورت کرنے کی دلیل ہے۔

کرسی ٹوٹتی ہوئی دیکھنا وہ اگر اپنی ہے تو بیوی کے مرنے کا اشارہ ہے۔

کپڑا دھوتے دیکھنا گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے۔

(گ)

گائے یا بیل پر بیٹھتے دیکھنا بادشاہ سے نفع پانے کی دلیل ہے اور اگر زرد ہے تو بیمار ہونے کی دلیل ہے۔

گرد آلود اپنا چہرہ دیکھنا رنج و دکھ کی علامت ہے۔

گردن میں سانپ کا حلقہ دیکھنا زکوٰۃ نہ ادا کرنے کی دلیل ہے۔

گردن کوتاہ دیکھنا امانت میں خیانت کرنے کی دلیل ہے۔

گردن کٹتے دیکھنا درویش و مزدور کے لئے نیک ہے اور امراء کیلئے بد ہے۔

گلاب کسی کو اپنے اوپر گراتے دیکھنا صحت یابی کی دلیل ہے۔

گدڑی پاتے دیکھنا مالدار عورت سے شادی کرنے کی دلیل ہے۔

گم ہوتے خود کو دیکھنا جس جگہ ہے اس کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

گنبد میں اپنے آپ کو دیکھنا خیر و منفعت کی دلیل ہے۔

گیہوں کھاتے دیکھنا	صالح اور دیندار ہونے کی دلیل ہے ۔
گیہوں منہ سے پیٹ تک دیکھنا	تمام عمر کی دلیل ہے ۔
گاجر کھانا ۔	جسمانی طاقت کی دلیل ہے ۔
گدھا دیکھنا	احمق اور مغروری کی دلیل ہے ۔
گدھے کا گوشت کھانا	بیوقوف کا مال کھانے اور لعدۂ بیوقوف بننے کی دلیل ہے
[illegible] دیکھنا	صاحب خواب کی زبان سے وہ بات نکلے گی جو سب کو اچھی معلوم ہو ۔
گوشت خام کھانا یا دیکھنا	مال حرام کی دلیل ہے ۔

(ل)

لباس رنگین کا جاڑے میں پہننا ۔	زیادتیٔ مال کی دلیل ہے ۔
لباس بد پہنے دیکھنا	بدانجان کی دلیل ہے
لباس عمدہ پہنے دیکھنا	حسن کار کی دلیل ہے
لحاف اپنا نیا دیکھنا	عورت کرنے کی دلیل ہے ۔
لحاف پھٹا دیکھنا	ناموافق عیال ہونیکی دلیل ہے ۔
لعل دیکھنا	خوبصورت عورت پر دال ہے ۔
لگام اپنے سر پر دیکھنا	روزہ رکھنے اور توبہ کرنے کی دلیل ہے ۔
لیموں دیکھنا	رنج و مصیبت پر دال ہے ۔
لاٹھی دیکھنا	بلند مرتبہ عالی رتبہ ہونے کی دلیل ہے ۔
لومڑی دیکھنا	فسادی عورت ملنے کی دلیل ہے رات و دن جنگ کرنے کی نشانی ہے ۔
لڑکے نامعلوم کا دیکھنا	فکر و غم لاحق ہونے کی دلیل ہے ۔

(م)

محراب میں نماز پڑھتے دیکھنا	فرزندِ صالح کی بشارت ہے ۔
مردہ سے زندہ ہوتے دیکھنا	اس کا حال نیک ہونے کی دلیل ہے ۔
مردہ باپ کو زندہ دیکھنا	اگر خوش ہے تو دولت پانے کی دلیل ہے
مردہ ماں کو زندہ دیکھنا	غم سے چھٹکارا پانے کی نشانی ہے ۔
مردہ کا صاحبِ خواب سے جھگڑا ہونا	وصیت پوری نہ کرنے کی دلیل ہے ۔
مردہ کا اپنے کپڑوں سے کچھ دینا	اگر اس نے اسکو پہنا ہے تو مال وجان سے غم واندوہ پہنچنے کی دلیل ہے
مردہ کا رونا دیکھنا	اس کی بدحالی کی دلیل ہے صدقہ کرے
مردہ کے پیچھے کسی نامعلوم مکان میں جاتے دیکھنا	مرنے کی علامت ہے ۔
مردہ کو کوئی چیز دینا	مہنگائی کی دلیل ہے ۔
مشک اپنے پاس دیکھنا	دانا ہونے کی دلیل ہے ۔
مصحف خریدتے دیکھنا	علم وحکمت کی دلیل ہے ۔
مکہ شریف میں دیکھنا	حج کرنے کی علامت ہے ۔
منارہ بناتے دیکھنا	نیک کام کرنے پر دال ہے ۔
مسجد کا منارہ گرتے دیکھنا	کسی بزرگ کے مرنے کی دلیل ہے ۔
مسجد جامع کے منارے پر اذان کہنا	حج وعمرہ کرنے کی دلیل ہے ۔
منبر سے گرتے دیکھنا	عزت سے گرنے کی دلیل ہے
مرد نیک کا دیکھنا	نیک نامی کی دلیل ہے ۔
مسواک کرنا	نیکی اور راستی کی دلیل ہے ۔

مسہری دیکھنا	گناہ سے توبہ کرے، اپنے لئے پریشانی اور مسرت کی دلیل ہے
مرغابی دیکھنا	فائدہ پہونچنے اور خوشنودی کی دلیل ہے۔
مسجد میں جانا	دین ودنیا میں امن پانے اور خیر وبرکت کی نشانی ہے
مچھلی کو دیکھنا	اگر ایک یا دو ہوں عورت پر دلیل ہے۔
مچھلی چھوٹی کا دیکھنا	رنج وغم کی دلیل ہے۔

(ن)

نابینا خود کو دیکھنا	گمراہی کی دلیل ہے۔
نارنگی دیکھنا	ایک سے تین تک دیکھے تو فرزند کی دلیل ہے۔
ناف کو کٹا دیکھنا	عیال کے مرنے پر دال ہے۔
نعلین ٹوٹتے دیکھنا	لمبے سفر پر دال ہے۔
نعلین اپنا سبز دیکھنا	سفر آخرت کی دلیل ہے۔
نماز مشرق کی طرف پڑھنا	حج کرنے کی علامت ہے۔
نماز راستہ پر پڑھنا اور پشت قبلہ کی طرف ہونا	قرب موت کی دلیل ہے توبہ کرنی چاہیئے
نماز کعبہ میں پڑھنا	انتظام کار خلیفہ کی طرف سے ہوگا۔
نماز پڑھ کر جنگل چلا جانا	قبر انور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔
نماز جمعہ پڑھتے دیکھنا	سفر اور رزق حلال کی علامت ہے۔
نماز کعبہ پر پڑھتے دیکھنا	کعبہ جانے کی نشانی ہے۔
نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرنا	یہ خواب بالکل صحیح اور سچا ہوتا ہے کیونکہ حضور کی صورت میں شیطان نہیں آسکتا اور تمام مرادیں دینی و دنیاوی ہاتھ آنے اور انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے۔

ناخن دیکھنا	بہتری کی علامت ہے۔
نکاح مردہ عورت سے کرنا	صاحب خواب جس مقصد کیلئے مایوس ہوچکا تھا اسکے پورا ہونے کی دلیل ہے۔
نکاح کرنا	عزت وآبرو سے رہنے اور مال بکثرت ملنے کی دلیل ہے
ندی دیکھنا	راحت خلق کو پہنچانے اور ناموری کی نشانی ہے۔
ناچ دیکھنا	رنج دور ہونے راحت وسرور حاصل ہونے کی علامت ہے

(و)

وضو کرتے دیکھنا	کام ومقصد پورا ہونے کی دلیل ہے۔
وضو ناپاک پانی سے کرنا	کام ومقصد پورا نہ ہونے کی دلیل ہے۔
وکیل بنتے دیکھنا	دنیا کی خیر وصلاح ملنے کی دلیل ہے۔
وظیفہ پڑھنا	برے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی دلیل ہے

(ھ)

ہدہد پکڑتے یا دیتے دیکھنا	دانا آدمی سے دانائی حاصل کرنے کی دلیل ہے
ہدہد مارتے دیکھنا	دانا آدمی کو مغلوب کرنے کی دلیل ہے۔
ہدیہ دیتے دیکھنا	خیر وصلاح کی دلیل ہے۔
ہما پرندہ اپنے پاس دیکھنا	بقدر ہما مال ودولت پائے گا۔
ہما ہاتھ سے اڑتے دیکھنا	جاہ ومنزلت کے نقصان کی نشانی ہے۔
ہوا صاف اور خوشگوار ہونا	صحت وتندرستی کی دلیل ہے۔
ہوا تیرہ وتاریک دیکھنا	غم واندوہ کی دلیل ہے۔
ہاتھی پر بیٹھتے دیکھنا	نابکار عورت کرنے پر دال ہے۔
ہاتھی کو جان سے مارنا	کسی بادشاہ کے مارنے پر دال ہے۔

ہاتھی سے گرتے دیکھنا	کسی بڑے مصیبت میں مبتلا ہونیکی علامت ہے
ہرن کو دیکھنا	دختر کے پیدا ہونے کی یا کوئی حسین کنیز ملنے کی دلیل ہے
ہوائے تند کا دیکھنا	جہاں پر دیکھے وہاں کے باشندوں اور اس سرزمین پر آفت آنیکی نشانی ہے۔
ہاتھ میں مہندی لگانا	کسی کے قتل پر آمادہ ہونیکی دلیل ہے۔

(ی)

یاسمین کا گلدستہ کوئی دے	کوئی گفتگو پیش آنے اور جدا ہونے کی دلیل ہے۔
یاقوت سبز یا سرخ اپنے پاس دیکھنا	نیک حسین عورت ملنے یا حسین لڑکی پیدا ہونے پر دال ہے
یاقوت عیب دار دیکھنا	مفسد فرزند پر دال ہے۔

انسانی اعضائے جسم کا پھڑکنا اور اس کا نتیجہ

(سر)

درمیان سر	خلق میں عزیز ہو
سر جانبِ راست	سفر پیش آئے مگر جلد واپسی ہو
سر جانبِ چپ	درد سر سے کنایہ ہے
تمام سر ایکبار	بحیثیتِ خاندان بادشاہ ہو

(پیشانی)

پیشانی جانب راست	سفر ہو
پیشانی جانبِ چپ	مطلب براری ہو
آبروئے راست	باعث خوشی وعزت
آبروے چپ	دولت ملے
درمیان ہر دو آبرو	دوست یا عزیز سے ملاقات ہو
دونوں آبرو یکبارگی	غم ہونیکی علامت ہے

آنکھ

چشم راست	دلی مراد بر آئے
چشم چپ	نیک عورت سے محبت ہو
اندرون چشم راست	برائی کی علامت ہے
اندرون چشم چپ	دل کی مراد حاصل ہو
دنبالہ چشم راست	باعث خوشی
دنبالہ چشم چپ	کاروبار میں کشائش ہو
زیر چشم راست	مال ملے
زیر چشم چپ	خرچ ہو اور غم رونما ہو
مژگاں چشم راست	خویش واقارب دور سے آکر ملاقات کرے۔
مژگاں چشم چپ	کوئی امر مبہم پیش آئے یا لغت غیر مترقبہ ہاتھ آئے

(چہرہ)

گال	شرمندہ ہو
دونوں گال	دولت حاصل ہو
ناک جانب راست	خوشی کا سبب ہے۔
ناک جانب چپ	غم والم رونما ہو
لب بالا	کسی سے دشمنی ہو
لب زیریں	دوستی دوبارہ ہو
زبان	کسی کے ساتھ لڑنا پڑے
ٹھڈی	اپنے دوست سے دشمنی ہو

(گردن)

گلا	عمدہ خوراک میسر ہو
نیم رگ جانب راست	کسی امیر کے ذریعہ مال ملے

نیم گردن جانب چپ — حسین عورت سے مباشرت ہو

(کان)

گوش راست — بحیثیت خاندان خود سردار ہو
گوش چپ — ملازمت و پریشانی ہو
یکبارگی دونوں گوش — کسی اجنبی سے دشمنی ہو

(شانہ)

کاندھا راست — غمناک ہو
کاندھا چپ — فرزند تولد ہو

(بازو)

بازو راست — عیش و عشرت ہو
بازو چپ — موجب ظفر ہو

(کلائی)

ساعد راست — وہم و قیاس زیادہ ہو
ساعد چپ — امن و چین ہو
دونوں ساعد یکبارگی — کسی اعلیٰ بزرگ سے عزت ملے

(ہاتھ)

دست راست — مردوں سے محبت و تعریف
دست چپ — قہر بزرگاں

(انگلی)

انگشت میانہ — کسی سے دنگا و فساد ہو
انگشت چہارم چپ — دور کا سفر در پیش ہو

انگشت خورد — غم ہو غمخواری جلدی ملے
انگشت دوم کوم — غیر سے نفرت ہو
انگشت چہارم راست — دولت ہاتھ آئے
انگشت خورد — گریہ وزاری میں مبتلا ہو
انگشت دوم چپ — دشمن سے گالی سننے کی امید ہے
انگوٹھا چپ — زخمی ہونے کا اشارہ ہے
انگوٹھا پائے راست — کامیابی کی علامت ہے
انگشت دوم — گریہ وزاری کا سبب ہے۔
انگشت میانہ — غم میں مبتلا ہونیکا سبب ہے۔
انگشت چہارم — کوئی حادثہ پیش آئے جو غم ناک کر دے۔
انگشت خورد — خواہش بر آئے
انگوٹھا پائے چپ — کامیابی کی دلیل ہے۔
انگشت دوم چپ — کامیابی کی علامت ہے۔
انگشت میانہ — موجب بیزاری ہے
انگشت چہارم — جنگ در پیش ہو
انگشت خورد — رنج والم سے بے خوف ہو

(بغل)

بغل راست — خوشنودی حاصل ہو
بغل چپ — حاکم مہربان ہو
دونوں پستان — موجب غم واندوہ ہے۔

(پشت)

نیم پشت جانب راست — کسی دوست کے ذریعہ خوشی ہو۔
نیم پشت جانب چپ — زیادہ تر رنج ہو
درمیان پشت — امید بر آئے
پہلو راست — نقصان ہو
پہلو چپ — سفر در پیش ہو مگر مال ملے
کمر — سفر سے واپسی بخیر ہو

(سرین)

سرین راست — دولت ملے
سرین چپ — چین ملے
پاشنا راست — تکلیفات سے نجات ملے
پاشنا چپ — سعید کام ملے

(شکم)

شکم — آرام و راحت کا سبب ہے
ناف — عمدہ نعمت ملے
زیر ناف — نالوانی ہو

(ران)

ران بیرون راست — سرداری ملے
ران بیرون چپ — عمدہ شکار ملے
زانو راست — پہلے غم بعد میں خوشی ہو
زانو چپ — محبوب سے ملاقات ہو
دونوں زانو یکبارگی — عام دولت ملے
پنڈلی راست — تنگی رونما ہو
پنڈلی چپ — دشمنوں کی موت سے خوشی ہو
گھٹنا راست — گریہ وزاری کرے
ٹخنا — باعث جنگ وجدال ہو

(پاؤں)

پشت پائے راست — سفر ہو
پشت پائے چپ — سفر دور و دراز پیش آئے
کف پائے چپ — سفر دور و دراز پیش آئے
کف پائے راست — کسی چیز کی نگہبانی ملے

انسان کے بدن کے تل اور انکے اشارات

پیشانی بجانب چپ کنپٹی پر تل ہونا	خوش قسمت و دولت مند ہونیکی علامت ہے
پیشانی کے درمیان بالوں سے متصل ہونا	تنگ مزاج اور بد خلق ہونیکی علامت ہے۔
اگر عورت کو اس جگہ پر ہو تو	وہ مصیبت میں مبتلا ہو سکتی ہے۔
پیشانی بجانب چپ سرخ رنگ کا تل ہونا	عقل مندی کی دلیل ہے۔
اس جگہ سیاہ رنگ کا تل ہو تو	وہ شخص کاذب ہے۔
اگر وہاں پر مسّہ ہو تو	وہ قسمت کا کھوٹا ہے۔
اور اگر عورت کو یہ علامت ہو تو	اس کے باعصمت اور ثابت قدم ہونے پر دال ہے۔
داہنی کنپٹی پر آنکھ کے اوپر ہونا	عمر دراز اور بانصیب ہو
داہنی کنپٹی پر گردن کیطرف جھکا ہوا ہونا	درازگی عمر و دولت و اقبال کی نشانی ہے۔
اگر سرخ کے علاوہ کسی دوسرے رنگ کا ہو تو	یہ ابتلائے رنج و غم کی علامت ہے۔
آنکھ کے اوپر بائیں طرف ہونا	مرض کی علامت ہے۔
اگر سیاہ رنگ کا ہو تو	ہلاکت جان کا خطرہ ہے۔
بجائے تل مسّہ ہونا	علامت سکھ و راحت ہے۔
اگر سرخی مائل ہو تو	چست و چالاک ہونیکی علامت ہے۔
اگر شہد کی طرح ہو تو	عزیز خلق ہوگا اور صاحب نصیب ہوگا
جس عورت کی پیشانی پر یہ تل نہ ہو	پھوہڑ پن کی علامت ہے۔
وسطِ پیشانی میں داہنی طرف ہونا	حکومت اور عزت و دولت پانیکی دلیل ہے۔
یہ تل اگر سرخ رنگ کا ہو تو	علماء کے نزدیک عزیز ہوگا
اگر سیاہ رنگ کا ہو تو	بڑے لوگ حسد کریں گے

اس مقام پر عورت کو تل ہونا	بامراد ہونے کی علامت ہے۔
اگر سیاہ ہے تو	زبان دراز ہوگی۔
پیشانی سے ملا ہوا بالوں سے متصل ہونا	بدراہ ہوگا اور دکھ اور تکلیف اٹھائے گا
پیشانی کے بائیں طرف تل ہونا	بزرگوں سے تکلیف پانے کا اشارہ ہے۔
یہ تل اگر شہد یا سرخ رنگ کا ہے۔	محتاجگی کی دلیل ہے۔
وہ اگر سیاہ رنگ کا ہے تو	نقصان بالائے نقصان ہوگا۔
اگر عورت کو ہے تو	کسی مرد کی بیوفائی سے واسطہ پڑے گا۔
پیشانی کے بائیں طرف ہونٹ پر ہونا	سستی و غفلت اور نامرادی کی علامت ہے۔
دائیں بائیں گوشہ بیرون چشم تل ہونا	صاحبِ تل کی ثابت قدمی اور سنجیدگی پر دال ہے
دائیں آنکھ کر گھڑای کے نیچے	صاحب تل کے مجرد مزاج حق گو اور چڑچڑا پن پر دال ہے
نتھنوں کی جڑ میں تل ہو تو	صاحبِ تل کیلئے نفع و عشرت کی دلیل ہے۔
رخسار بجانب راست و چپ میں ہونا	صاحبِ تل کی زندگی نشیب و فراز میں بسر ہوگی
جبڑے میں نیچے کی طرف ہونا	زندگی مصیبت و پریشانی سے گزرے گی۔
ہونٹ کے اوپر اور نیچے تل ہونا	صاحبِ تل رنگین مزاج اور عیش پرست ہوگا۔
ٹھوڑی پر تل ہونا	بردباری، خوش خلقی اور محنتی ہونے پر دال ہے۔
کان پر تل ہونا	اعزاز و اکرام کا سبب ہے۔ لیکن داہنے کان کی لو پر تل ہونا صاحب تل کے غرق آب ہونیکا اشارہ ہے
گلے پر تل ہونا	دولت و امیری زوجہ کی طرف سے حاصل ہوگی
گردن کی طرف تل ہونا	گلا گھونٹنے کی طرف اشارہ ہے لیکن بچکر دولت ہوگی
گردن کی دونوں طرف تل ہونا	پھانسی ہونے کا اندیشہ ہے۔
داہنے بازو کے شانہ پر تل ہونا	صاحب تل ارادہ کا پختہ اور دلاور و جنگجو ہوگا۔

داہنی کہنی پر تل ہونا	ایسا شخص متردد الحال متلون المزاج ہوتا ہے
پہنچوں کے درمیان ہونا	صاحب تل سختی و مصیبت کا متحمل ہوگا اور آخری عمر میں راحت ہوگی
ہاتھ کے پہنچوں اور انگلیوں پر تل ہونا	وفادار جفاکش اور زوجہ سے حد درجہ پیار کرنیوالا ہوگا۔
ہاتھ کی ہتھیلی میں تل ہونا	فارغ البالی اور صاحبِ اولاد ہونے کی علامت ہے
کمر کے درمیان تل ہونا	تندرستی کی نشانی ہے۔
بائیں بغل میں تل ہونا	کسی اچانک حادثہ میں مرنے کا اندیشہ ہے۔
داہنی چھاتی پر تل ہونا	ناگہانی کسی مصیبت میں مبتلا ہوگا۔ اولاد میں لڑکیاں زیادہ ہونگی۔ لڑکے کم بچنے کی امید ہے۔
بائیں چھاتی پر تل ہونا	ایسا شخص عاشق مزاج ہوگا۔
سینہ پر تل ہونا	صاحبِ تل متوسط القسمت ہوگا۔
بائیں چھاتی کے نیچے تل ہونا	غیر ذمہ داری اور بیقدری کی طرف اشارہ ہے۔ اگر عورت کو ہو تو وہ باوفا اور سمجھدار ہوگی۔
داہنی پسلی پر تل ہونا	صاحبِ تل بے ہمت اور کام چور ہوگا۔
دل کے مقابل تل ہونا	ایسا شخص شریر ہوگا۔
معدہ کے بائیں تل ہونا	ایسا شخص عیش پسند ہوگا۔
پیٹ پر تل ہونا	صاحبِ تل غافل اور سست مزاج ہوگا۔
پیٹ کی جڑ میں تل ہونا	کبر و نخوت کی علامت ہے۔
داہنی ران پر تل ہونا	دولت اور حسین بیوی کے ملنے کی علامت ہے۔
بائیں ران پر تل ہونا	محتاجگی و پریشانی کی نشانی ہے۔
داہنے گھٹنے پر تل ہونا	دوست سے تکلیف اٹھائیگا اور آخر میں کامیابی ہوگی

بائیں گھٹنے پر تل ہونا	صاحبِ تل عجلت باز ہوگا اور بعد میں سنجیدگی ہوگی۔
دائیں بائیں ٹانگ پر تل ہونا	صاحبِ تل نازک طبیعت اور شوخ مزاج ہوگا بیوی تیز و طرار ہوگی۔
داہنے گھٹنے پر عورت کو تل ہونا	دیانت داری کی علامت ہے۔
سیدھے پاؤں پر تل ہونا	صاحبِ تل صاحبِ فطرت و بلند حوصلہ ہوگا۔
بائیں پاؤں پر تل ہونا	نقصان کی علامت ہے۔
یہ تل اگر عورت کو ہے تو	کثیر اولاد ہوگی۔

نوٹ یہ باتیں محض ظنی و تخمینی ہیں یقینی نہیں۔ اس پر یقین کرنا جائز نہیں۔ اس کے برخلاف ہوسکتا ہے۔ حق تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے

التجا

نتیجۂ فکر: شیخ اعظم بانی جامع اشرف حضرت مولانا سید شاہ محمد اظہار اشرف اشرفی جیلانی
سجادہ نشین آستانہ عالیہ اشرفیہ حسینیہ سرکار کلاں

نورِ یزداں مددے سیدِ سلطاں مددے — شاہِ شاہاں مددے فخرِ رسولاں مددے
تو ئی سرکارِ دو عالم تو ئی مقصودِ حیات — مالکِ کون و مکاں کعبۂ ایماں مددے
ہمہ عالم ز طفیلِ شما پروردہ اند — صاحبِ جود و سخا مہبطِ قرآں مددے
من باحوالِ پریشان شوم تا امروز — یا رسولِ عربی مظہرِ رحماں مددے
بہرِ بوبکر و عمر از پئے عثمان و علی — از طفیلِ ہمہ اصحابِ درخشاں مددے
آمدہ ام بدرِ پاک بصد عجز و نیاز — بہرِ حسنین و علی صاحبِ جیلاں مددے
عاصیم لب نہ کشد طالبِ بخشش ہستم — بہرِ زہرہ و معین شافعِ عصیاں مددے
در گلو طوقِ غلامی شہ اشرف دارم — یا حبیبی بطفیلِ شہِ سمناں مددے
عاجز و بیکس اظہار حزین آمدہ است
نظر کن ہادیٔ دیں سوئے غریباں مددے